نصر من اللہ و فتح قریب

رسالہ الحقیدین محرر المستلسیہ ۱۲

در مطبع فتح الاخبار باہتمام محمد عثمان خان طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد والہ واصحابہ اجمعین اما بعد بندہ
گنہگار امیدوار رحمت پروردگار اغنی بندہ خدا اور امت محمد مصطفی اور معتقد
ومحب اہل بیت واصحاب مجتبی مخصوص بالابتدا والاقتدا مرید جناب مفسر ومحدث
فخر ولایت ہندوستان مستند فضلاء جہان سالک مسالک صراط مستقیم عارف
معارف رضای رحیم زبدہ اہل دانش وتحقیق خلاصہ ارباب تدقیق وتصدیق سیاح امواج
علم الیقین محیط اعظم وحدت متین حضرت پیر ومرشد برحق یگانہ مطلق مولانا شاہ
عبد العزیز دہلوی قدس اللہ سرہ العزیز مصلح الدین متوطن شہر بریلی خدمت
مسلمانان ہندوستان میں عرض کرتا ہی کہ اس عاصی کو بالفعل اتفاق
مطالعہ کتاب مستطاب تحفہ اثنا عشریہ دربیان حقایق وبطلان مذہب شیعہ
ہوا فی الحقیقت جو اس کتاب متبرک کو دیکھی اور ہدایت الہی مددگار ہو

تو بہت خلق گرداب ضلالت سی نکلی اور راہ صراط مستقیم کی پکڑی لیکن کتاب موصوف
نہایت مبسوط اور زبان فصیح مین ہی اور کم استعداد لوگ خصوص اس زمانہ مین اگرچہ
چرچا اردو زبان کا بہت ہوا ہی اسکی مطالعہ سی معذور ہین اسواسطی اس حقیر نی
تھوڑی سی باتین کتاب مذکور سی استنباط کر کی اور چند امر کتب تواریخ مثل
خلاصۃ الاخبار و روضۃ الصفا و حدیقۃ الاقالیم سی کہ بعض مخاصم جناب انکو معتمد
سمجھتی ہین اور بعض تصنیف علمای شیعہ ہین مع چند اشعار کی کتاب منطق الطیر سی لکھا ہی
اور اس رسالہ کا تحفۃ المسلمین رکھا ہی اور التماس ناظران ان اوراق سی یہہ ہی
کہ اس عاصی کو دعاء خیر سی یاد فرماوین اور ترتیب اس رسالہ کی اوپر چند
اذکار اور ایک خاتمہ کی ہی تاریخ نہم شہر محرم الحرام [illegible] ہجری قدسی کو ہوا
وما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت والیہ انیب ذکر اول در کیفیت پیدایش
مذہب شیعہ اب اول حال پیدایش مذہب شیعہ کا لکھا جاتا ہی کہ دیکھنی
والونکو اصلیت اسکی معلوم ہو واضح ہو کہ جب سی مذہب شیعہ نی نشو ونما پایا ہی
اسنی بہت رنگ گرگٹ کیسی ہر وقت مین بدلی ہین اور جو بانی مبانی اس
مذہب کی گذری ہین انہون نی ہر ایک وقت کی مناسب ایک مذہب نیا تراشا ہی
تفصیل اسکی یہہ ہی کہ عہد خلفاء ثلاثہ رضی اللہ تعالی عنہم مین فتح کثیر ملک
کفار یہود و مجوس و بت پرستان وغیرہ عنایت ایزدی سی بدست صحابہ
کرام و تابعین عظام واقع ہوی اور قتل اور قید ہونا سبب انکی

کی ہوئی اور ریاست جن کی تھی نہایت دولت کو غارت کی ہوئی کفار نے عہد خلیفہ اول
و دوم میں براہ غیرت بہت کوشش ہمیشہ جدال و قتال کی کرتے لیکن کچھ
پیش نہ گئی لاعلاج ہوکر جب اس طرح گذارہ نہ دیکھا کہ گویا اسلام کی ہوئی اور اپنی
انکو بظاہر شمار مسلمانان میں داخل کیا اور در پردہ براہ خباثت النفس درپی بجھانی
نور اسلام کی رہی اور برسوں دن انہوں نے کوشش بلیغ کرتی رہی کہ کسی طور سے
فرقہ مسلمانان میں فتنہ و فساد و بغض و عناد پیدا ہو اور تدبیر اسکی درپی ہوتی
رہی انہیں میں عبد اللہ بن سبا یہودی یمنی صنعانی ایک شخص شریر النفس تھا کہ اسنی
کتابیں سلف کی بہت پڑھی تھیں اور آدمی با علم اور فتنہ انگیزی میں سخت
کار اور گرم سرد زمانہ کی دیکھی ہوئی یعنی گربہ باران دیدہ تھا حضرت
عثمان رضی اللہ تعالی عنہ کی خلافت میں اگرچہ مسلمان ہو گیا تھا کہ حضرت
عثمان اسکو اچھی طرح رکھیں لیکن حضرت نے جیسا کہ وہ چاہتا تھا التفات
اور عمل نہ فرمایا اس سبب سے عبد اللہ نے ہر جگہ غیبت حضرت عثمان کی
بیان کرنی لگا یہ خبر خلیفہ کو پہونچی آپ نے اوس یہودی کو شہر سے
نکلوا دیا بعد اسکی ابن سبا نکو شہر مصر میں گیا بہت خلقت نے اسکا علم
اور بظاہر مسلمان دیکھ کر اسکی ساتھ اتفاق کیا اور بزرگی اسکی کرنی
لگی جب اسنی دیکھا کہ لوگ بابت اسکی اعتقاد سی رکھنی لگی ایک مذہب بنا
کھڑا کیا کہ نصاری کہتی ہیں کہ عیسی پھر اس جہان میں آوینگی مسلمان

زیا

زیادہ تر مستحق ہین کہین کہ محمد پہر آوینگی ایک گروہ کثیر نی نصیحت اسکی مانی جب
یہہ بات بہی مستحکم ہوی تب کہنی لگا کہ ایک لاکہہ چوبیس ہزار پیغمبر تہے ہر ایک پیغمبر کے
وزیر تہی ہمارے پیغمبر کے وزیر علی تہی اور حق خلافت اونکا تہا عثمان نے لیا تہہ جور و ستم
کی لیلیا چنانچہ عبدالرحمن بن عوف نے ہاتہہ علی کا پکڑا کہ ساتہہ اونکی بیعت
کری عمرو بن العاص نے اوسکو سبکا کو بیعت عثمان سی کرائی اور عثمان نے
خلافت ناحق لی جب یہہ دونو باتین مردمانکی دلمین قایم ہوئین کہا امر بالمعروف
کرنا فرض ہی بموجب حکم خدا عزوجل اور ہم ابہی ساتہہ عثمان کی کچہہ نہین کر سکتی
لیکن حکم اوسکا اور کارداران اوسکا نکرین اور جو ظلم انکا اپنی آپ سی باز رکہین
اور واضح ہو کہ یہان سی تقیہ شروع ہوا اور یہہ سنا جا کہ ایسی ایسی باتین
بیان کرکی لوگونکو اوپر قتل عثمان کی دلیر کری مردمان کو یہہ مذہب خوش
آیا اور یہہ تشریف لائی جناب محمد رسول اللہ کی دنیا مین مقرر ہوی اور حضرت
عثمان کو کافر کہنا شروع کیا اور یہہ باتین پوشیدہ رکہتی تہی غرض اس
مین ہم اتفاق اور لوگونکی امر معروف کرنی پہر سب کارداران کی سب خلقت
متفق ہوگئے کہ حضرت عثمان کو خلافت سی خارج کرکی دوسری کو خلیفہ کرین
حضرت عثمان کو بہی خبر پہونچی کہ مردمان شہر مین جمع ہوتی ہین اور آپ کو
خارج کرنی خلافت سی رکہتی ہین اس حیص بیص مین ہا جو مقدمہ اصلاح پر آیا تہا
ابن سبا اور صحابہ ربیع سکی ساتہہ کلمات درشت انکو اور احتمال خیانت امیر

سی برہم کرتی تہی اُسمین نقش مراد اُسکی ایمان کا درست ہوا کہ اوباش مصری خلیفہ
ثالث کو شہید کیا اور خلافت خاتم الخلفا امیر المومنین علی مرتضی قایم ہوئی ہمرہان
نی خوف کیا کہ یہہ کام اسلام کا برقرار رہا اور جہاد جاری ہوا اور یہہ فرقہ مدینہ
منورہ مین پہونچ گیا تہا کہ شہادت خلیفہ ثالث واقع ہوئی اُس فرقی نی اپنی کیلکو محبین
و مخلصین آپکا یعنی جناب مرتضوی کا ظاہر کیا اور لقب اپنا شیعہ علی یعنی گروہ علی
مشہور کیا اور اس سبب سے انکو کمال خوشی حاصل ہوا اور رچا تہا جو فتنہ و فساد کہ سالہا
سال سی تیار کیے تہی اور براہ خباثت اُنکی دلونمین پوشیدہ تہی اونکو بی دغدغہ
ظاہر کرین پس اُس نابکار یہودی نی ہر یک فرقہ کو بطور علیحدہ فریب دینا
شروع کیا اور جیسی جسکی استعداد دیکہی ویسا اوسکو بہکایا یعنی سبق دیا اول
اظہار کمال محبت خاندان نبوی کرکی ہر یک کو ترغیب و تحریص اوپر محبت اہل
بیت کی کرنی لگا اور میل کرنا بطرف مخالفان اہل بیت کی بیان کیا
یہہ بات مقبول ہر خاص و عام اہل اسلام کے ہوا اس سبب سی لوگونکو اونکو اعتقاد
اور نصیحت و خیر خواہی اُس منافق گندم نما جو فروش کی ہوا جب یہودی نی لوگون
کی ایک جماعت کو اس امر میں گرفتار کر لیا اور مجمع کو تلقین کیا کہ جناب مرتضوی
بعد پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم افضل مردم و قرابتی یعنی داماد و وصی
و برادر انکی ہین اور آیات کلام مجید جو بیچ فضایل جناب حضرت مرتضی کی ہین اور
جو حدیث بیچ مناقب حضرت امیر کی تہین اونکو باتین اپنی طرف سی

ملا کر منتشر کیا جس وقت دیکھا کہ شاگرد اوسکے یعنی چیلے ساتھ تفضیل جناب مرتضوی کے
اوپر تمام صحابہ کے قائل ہوئے اور یہ بات انکے ذہن میں مستحکم ہوئی ایک جماعت
جو خاص حبشی اور نسبتی ایک بہودیا کہا کہ جناب مرتضوی وصی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ
وسلم تھے پیغمبر نے اونکو بموجب حکم کلام مجید انما ولیکم اللہ ورسولہ خلیفہ
کیا لیکن صحابہ نے نہایت غلبہ و مکر کرکے وصیت پیغمبر کو ضائع کیا اور اطاعت
خدا و رسول خدا کی و حق مرتضی علی تلف کیا اور واسطے طمع دنیا کے دین سے
پھر گئے اور منازعت میں جناب سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا کو خلیفہ اول
سے فدک ہوا تھا اور آخر بصلح و صفا ملا دست ہو گئے آمیز کرکے ہر ایک شخص کو
بہت نصیحت کی کہ اس بھید کو کسو پر ظاہر نکریا اور جو لوگو یعنی تمہارے
اسحاب میں گفتگو ہو تو میرا نام نہ لینا اور بلکہ مجھکو برا کہنا اور مجھ سے تبرا اور
بیزاری بیان کرنا کسو واسطے کہ غرض میری اس بیان سے بیان حق ہے
و اظہار واقع ہے نام و نشان میرا لیکن گفت و شنود ان مقدمات کی و برا کہنا
و طعن صحابہ کرام بیچ لشکریان حضرت امیر جاری ہوا اور لڑائی جھگڑے
آپسمیں ہونے لگے آخر جناب حضرت امیر علی نے بر ملا خطبہ فرمایا اور اس گروہ
سے بیزاری اور تبرا ظاہر کیا اور بعض کو بوعید ضرب تہدید فرمائے
عبد اللہ بن سبا شیطان نے جو دیکھا کہ تیر اوسکا نشانہ پر بیٹھا ارادہ فتنہ
و فساد جو مقصود تھا عقیدہ اہل اسلام میں داخل ہوا آپسمیں لڑائی

جهگڑه هونی لگا ایک گروه که جو بهت خاص تها گوشه مین لیجاکر اول عهد و پیمان
قسم لیکر کها که جناب مرتضی سی جو باتین ظاهر هوتی هین مقدور بشر کا نهین هے جیسے معجزه
خوارق عادات و اخبار غیب و زنده کرنا مرده کا اور بیان کرنا حقایق الهیه کا اور
حساب باریک و جواب بنافی الفور و بلاغت عبارت و فصاحت لفظونکی اور زهد و تقوی و شجاعت
زیاده حد سے اور طاقت ایسی که جهان کی لوگون نے دیکهی نه سنی کچهه جانتی هو که
یهه سب باتین کهان سے هین سب نے عاجز هوکر انکار کیا پهر اوسنے عهد و پیمان جدید لیکر
کها که یهه سب خواص الله هونیکے هین که لاهوت نے جلوه کسوت ناسوت مین فرمایا هے
اور بعض کلمات انکو که بیچ حالت غلبه حال که اولیا الله کو هوتا هے مثل * انا حی لا یموت
* وانا باعث من فی القبور * وانا مقیم القیامة * ایسی هوتی تهی دلیل اس قول کی
انهی کی گردانی آخر یهه خبر بهی جناب مرتضی کو پهونچی آپ نے اوس گروه کو
مع ابن سبا یهودی تهدید جلا دینی بیچ آگ کی فرمائی اور توبه کرائی اور جلاوطن
فرمایا یهه مردود ابن سبا یهودی بقول شخصی طبیعت خناسی کی لیکر موجود هوے
کی هرگز اعتبار * جو که مائی هین ملی تو بهی لهو هتی هی * جهان گیا یهی باعث
خبیث کرتا رها اور شاگرد اپنی آذربیجان و عراق مین منتشر کئی اور جناب
حضرت امیر کو بسبب پیش هونی لڑائی اشقیا اهل شام اور مقدمات خلافت
سے فرصت نه تهی جو آپ متوجه حال اس فرقه مردود کی هوتی لیکن بایان
جناب منصوص کے چار فرقه هوے اول فرقه شیعه اولی و شیعه مخلصین بالکه پیشوا

اہل سنت وجماعت کی ہین اور جناب مرتضوی نی خطبونمین مدح اس فرقہ کی فرمائی ہی اور رئیس اونکی پسند فرمائی اور تین فرقہ وسوسہ اس دجال صورت شیطان اور سیرت یہود یعنی عبد اللہ بن سبا سی پیدا ہوئی اول فرقہ تفضیلیہ کہ جناب مرتضوی کو اوپر کل صحابہ کی تفضیل دیتی تہی اور یہہ فرقہ ادنا شاگرد عبد اللہ بن سبا کا تہا اور جناب امیر نی انکی حق مین تہدید فرمائی کہ جو کوئی مجہکو شیخین پر فضیلت دیگا اسی کو حد مفتری لگین گی دوسری فرقہ سبیہ کہ اونکو تبرائیہ کہتی ہین کل صحابہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کو ظالم و غاصب بلکہ کافر و منافق جانتی ہین اور یہہ گروہ اوسط شاگرد اوس ابن سبا خبیث کا ہی تیسری فرقہ شیعہ غلاۃ کہ سب مین بڑی شاگرد اوس مردود ازلی کی ہین جناب مرتضوی کو خدا کہتی ہین جو بعضی لوگون نی اونکو قایل یعنی تقریر مین مات کیا کہ جناب مرتضوی مین آثار بشریت کی کہ خلاف آثار الٰہیت ہونگی موجود ہین تب بعضے اونمین سی اللہ کہنی سی پہری اور کہنی لگی اللہ جلشانہ نی معاذ اللہ انکی جسم مین حلول کیا ہی اسی معلوم ہوا کہ شیعہ تین فرقہ ہین اور شیعہ اولی مخلصین کہ شیعہ اہل سنت وجماعت کی تہی جب ان فرقونکی بدعات دیکہی تو لقب انپا اہل سنت وجماعت رکہا الیس بہر فرقہ شیعہ باقی ماندہ ایک وقت مین سب پیدا ہوئی اور بانی مبانی ان تینو فرقونکا ایک یہودی بن عبد اللہ بن سبا نامی کو خبیث الباطن نفاق پیشہ تہا ایک کو تین رنگ مین رنگا اور

داماد و محرم کنبہ اور اصل مدار ہر برکت سعیہ کا ہر اک بنا صحابہ کرام و ازواج مطہرات
جناب سرور عالم کا ہی بس جاننا چاہیے کہ **خلیفہ اول** جناب حضرت ابا بکر صدیق
رضی اللہ تعالی عنہ رفیق جان نثار اور خسر جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے
ہیں کہ حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ دختر خلیفہ اول زوجہ جناب پیغمبر خدا کی ہیں
خلیفہ دوم حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ رفیق جان نثار اور خسر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے
حضرت ام المومنین حفصہ دختر حضرت عمر زوجہ جناب سرور عالم صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی ہیں اور حضرت عمر داماد جناب حضرت علی
المرتضی کے ہیں **خلیفہ سوم** حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ رفیق جان
نثار اور داماد جناب پیغمبر خدا کے ہیں یعنی دو صاحبزادی حضرت رقیہ و حضرت
ام کلثوم کے شادی ہے **خلیفہ چہارم** جناب حضرت علی المرتضی اسد اللہ الغالب مظہر العجائب کرم اللہ وجہہ رفیق
جان نثار برادر عم زاد و داماد جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے ہیں پس اہل درجات محبت
دینی وہ ہی کہ جو متعلق جناب پیغمبر خدا ہیں اور جو قرب عظیم ایسی رکھتے
ہیں کہ نسبت ہے ادنی طالبین ہیں **اول** اولاد و اقارب آپکی دوم ازواج
مطہرات آپکی کہ جنکی تکریم میں اللہ تعالی عز اسمہ فرماتا ہے النبی
اولی بالمومنین من انفسہم و ازواجہ امہاتہم **سوم** اصحاب آپکی کہ انہوں نے
ملازمت و رفاقت آپکی دل و جان سے اختیار کی اور واسطے نصرت آپکی یعنی
خیر البشر صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی جان و مال اپنی نثار کی اور اقارب و
برادران و پسران و پدران و ازواج و مادران و خواہران و جمیع خویش

دا اجار ب اپنی کو واسطہ خوشنودی سرور ہر دو سرا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کی چھوڑ دیا واضح ہو کہ فرقہ شیعہ غلاۃ شاگرد ارشد یعنی پیری ابن سبا یہودی
کی کہ جو جناب حضرت مرتضیٰ علیؑ کی خدا ہونیکی قایل و معتقد ہین لعنۃ اللہ علیہ
فرقہ ہوئی دوسری شیعہ سبیہ تفضیلیہ شاگرد اوسط ابن سبا یہودی
مذکور کی تین فرقہ ہوئی ایک کیسانیہ اوسکی چھتیہ فرقہ ہوئی دوسرا زیدیہ
اوسکی نو فرقہ تیسری امامیہ اثنا عشریہ اوسکی انتیس فرقہ تمام ۳۹ ہوئی تفضیلیہ
یہہ فرقہ اونا شاگردونمین ہی انکا یہہ حال ہی کہ انکو سنی اپنی عین مجتہی مین
اور شیعہ ایکطرف سی رانده اور دوسری طرفسی درمانده اور ریز الطلت
یہہ ہی کہ ہر ایک فرقہ اپنی اپکو بہتر اور بہشتی اور دوسری فرقون
اپنی برادران حقیقی یعنی ہمرنگونکو کافر و دوزخی جانتا ہی بلکہ جدا اوسکی
کہ ایک تیلی کی شہر مین نقل مشہور ایک توہ کی روٹی کیا چھوٹی کیا
موٹی اور سبحان اللہ کی شان سی کہ اپنی ہی بیان سی باطل ہوتی ہین اور
کل فرقہ شیعونکی ایک کم اسی فرقہ ہین مع تفضیلیہ اور یہہ خدا
ہونی اکثر امامونکی بطور مختلف یعنی ایک فرقہ کسو امام کو خدا کہتا ہی
ہی دوسرا اوسکا انکار کرکی دوسری امام کو خدا کہتا ہے
شیعہ سبائیہ غلاۃ کہتی ہین کہ علی مرتضیٰ اللہ ہین اور آپ شہید
نہین ہوئی ابن ملجم لعین نی ایک شیطان کو مارا تھا کہ شیطان انکی

صورت بن گیا تھا فرقہ مفضلیہ کہتے ہین کہ نسبت جناب مرتضی کی
ساتھ اللہ تعالی کی نسبت مسیح کی ہی فرقہ شریعیہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی
نے پنج جسم پیغمبر و عباس و علی و جعفر و عقیل کی حلول فرمایا فرقہ شیعہ
غلاۃ بزیغیہ کہتے ہین کہ حضرت امام جعفر صادق اللہ ہین اور در
حقیقت جعفر صادق نظر نہین آتی تھی اور جس صورت کو مردم دیکھہ کر
جعفر صادق کہتے تھی وہ ملی ہوئی تھی اور دیگر امام الوہیت نہین
رکھتے لیکن وحی طرف اونکی ہوتی تھی اور معراج سب امامونکو حاصل تھی
فرقہ شیعہ کاملیہ کہتے ہین کہ روح الہی نے کل اجسام انبیا و ائمہ
مین حلول فرمایا اور کل صحابہ رسول اللہ صلعم کو کافر کہتے ہین کہ انہون
نے بیعت علی مرتضی کی ترک کی اور علی کو بھی کافر کہتے ہین کہ آپ
نے ترک طلب حق کا کیا فرقہ مغیریہ کہتے ہین کہ حق
تعالی بصورت مرد کی ہی نورانی اور اوپر سر کے تاج ہی نور کا اور
دل اوسکا چشمہ ہی حکمتونکا فرقہ عمامیہ یعنی ربیعیہ کہتے ہین کہ خدا
بموسم بہار پردہ ابر مین طرف زمین کی اوترا فرماتا ہی بہ نشو و نما
اشیا کی سبب ہوتا ہی فرقہ خطابیہ کہتے ہین کہ امامان پسران
خدا ہین اور مرتضی بڑی خدا ہین اور جعفر صادق بھی خدا ہین
لیکن جعفر اور ابو الخطاب کو پیغمبر جانتے ہین اور اصحاب خطاب

لی اپنی یاروں کو وصیت کی کہ موافق مذہب اپنے کے جھوٹی گواہی دیا کرو اور قطعہ ہیں گو کہ جھوٹی ہے خطاب کرتے دست
نہیں ہے پیغمبر یہ بھی امام جعفر صادق کو معصوم نہیں جانتے ہیں اور ابو الخطاب کو فرقہ ذبابیہ محمد کو نبی علی کو پیغمبر

جانتے ہیں فرقہ ذمیہ کہتے ہیں کہ علی اللہ ہیں محمد کو واسطہ
دعوت مردم کی اپنی طرف سے بھیجا تھا محمد نے اپنی طرف لوگوں کو
دعوت کیا اس سبب سے محمد کو برا کہتے ہیں فرقہ اثنینیہ کہتے ہیں
کہ محمد و علی دونوں خدا ہیں فرقہ غلیانیہ حضرت علی کو خدا جانتے
ہیں اور کہتے ہیں کہ علی افضل محمد سے ہیں اور محمد نے بیعت علی
سے کر کے متابعت انکی لازم پکڑی تھی فرقہ زیدیہ کہ انکو فرقہ
ہیں اپنے آپکو ساتھ زید بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب رضی
اللہ عنہم اجمعین کے نسبت کرتے ہیں برا کہنا صحابہ کرام کا جائز
نہیں رکھتے اور سب کو نیکی سے یاد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امامت
حق مرتضی کا تھا آپنے از خود واسطہ شیخین اور ذو النورین
کے چھوڑ دی اور بیعت خلفاء ثلاثہ خطا نہ تھی کیونکہ جناب مرتضی
راضی تھے اور معصوم ساتھ خطا اور باطل کے راضی نہیں ہوتا اور گروہ
زیدیہ نصف ملک یمن پر تسلط رکھتے ہیں اور نصف دیگر پر مردمان
مذہب شافعی اصحافیہ کہتے ہیں کہ کبھی زمین پیغمبر سے خالی
نہیں رہی ہے اور دریافت ہوا کہ مدار مذہب شیعہ اثنا عشریہ کا

چہار کتاب ہی کہ اونکو اصول اربعہ کہتی ہین اول کافی
مشہور کلینی دوم من لا یحضرہ الفقیہ سوم تہذیب چہارم
استبصار اور راویونکی اوپر عمل واجب جانتی ہین انہ جن لوگونسے
روایت کرتی ہین انکا حال عجیب ہی بعضی تو ہشامین و صاحب طاق
اور وہ لوگ کہ جو حق تعالی کو ازل مین جاہل جانتی ہین مثل زرارہ
بن اعین و بکر بن اعین و احولین و سلیمان جعفری و محمد بن مسلم
وغیرہ اور بعضی روایت بروہان فاسد مذہب ہی کہ معتقد
کسو امام کی نہین تہی یا منکر امامت امام وقت مثل بنی فضال
و ابن مہران و ابن بکیر وغیرہ اور بعضی کاذب یعنی جہوٹی اور
جہوٹا ہونا انکا نزدیک شیعہ کی ثابت ہی مثل محمد بن عیسی و ابو جعفر
طوسی و اس شخص سے روایت کرتا ہی کہ وہ دعوی صحبت امام و روایت
امام سی کرتا ہی حالانکہ اوسکی تکذیب کے اور امام نے اوسکو کبہی اس شخص سے
ملاقات نہین کے مثلاً مکان کہ دعوی روایت کا حضرت امام جعفر صادق علیہ
السلام کرتا ہی اور نیز ابو جعفر طوسی ابن معلم سی اور وہ ابن بابویہ سی روایت
کرتا ہی کہ وہ نوشت جہوٹی یعنی جعلی رکہتا تہا شیعہ جریر کہتی
ہین کہ امامت اوپر رضامندی دو شخص کے ہی اور ابو بکر و عمر کو
امام جانتی ہین اور جو لوگون نے باوجود ہونے مرتضی کی بیعت الثنی کی اونہون نے

نی خطا کی اور عثمان و طلحہ و زبیر و عائشہ کو کافر کہتی ہین فرقہ تبریہ
و توجہہ کہتی ہین کہ بیعت ابوبکر و عمر خطا نہ تہی کسواسطے کہ مرتضی نی اسپر
سکوت فرمایا اور سکوت کرنا معصوم کا اوپر حق کی ہوتا ہے اور یہہ مقدمہ
عثمان کی توقف کرتی ہین فرقہ شیعہ ذکیہ یہہ حرف طلحہ و زبیر و عائشہ کو
کافر کہتی ہین اور کہتے ہین کہ صحابہ کو نیکی سی یاد کرتی ہین و ہذا القیاس اسکے تہوڑا سا لکہہ دیا
اور مذہب انکی کہ حنفی مذہب انکا پیدا ہوا یعنی بانی مبانی اس مذہب کے ہین
انکا حال عجیب ہے کوئی خود دعوی خدائی کا کرتا ہی چنانچہ حکم بن ہاشم کہ شہر مرو
مین پیدا ہوا تہا اور اپنی گروہ کو مقنع لقب کیا تہا اور یہہ شخص فیلسوف
یعنی اوسکو حکمت اور شعبدہ بازی اور طلسم رجاعت وغیرہ خوب جانتا تہا
چنانچہ انسی ایک ماہی یعنی مچھلی بیچ چاہ شہر نخشب کی بنائی تہی وقت شعبدہ
وہ مچھلی کوہ سی نکلتی تہی اور پانچ فرسنگ یعنی ساڑہی سترہ کوس تک اوسکی
روشنی رہتی تہی قبل از طلوع فجر غائب ہو جاتی تہی یہہ اپنی آپکو چہارم خدا کہتا
تہا اور کوئی دعوی پیغمبری کا کرتا ہی چنانچہ مختار بن ابی عبیدہ ثقفی شیعہ
تہا کہ یہی اول رسم تعزیے کی عاشورہ محرم الحرام مین جاری کی
وار ادین شریف اسلام مین نوحہ اور سینہ کوبی منع ہی باطن مین تو یہہ
کافر تہا اور بہت کام زبون اسی ظہور مین آئی کہ حضرت عبد اللہ ابن زبیر
صلیبی جناب امیر المومنین حضرت علی کو اپنی کوفہ مین قبل اسکے دعوی پیغمبری

کا کرتا تہا اور کہتا تہا کہ حضرت جبرئیل میری پاس آتی ہین اور مجھکو لشکرہای
وامرا و صوبہ داران کی خبر دیتی ہین اور ظاہر مین حضرت امام زین
العابدین علیہ السلام کی امامت کا انکار کرتا تہا اور محمد بن الحنفیہ
کی طرف ہو کر شام کی ملک مین گیا اور ابن زیاد مردود قاتل جناب
حضرت امام حسین علیہ السلام کو اسنی بعد بہت لڑائیونکی شکست دیکر اور
بڑی کوشش کرکی واصل جہنم کیا بعد اوسکی مصعب بن زبیر برادر عبد اللہ
بن زبیر نی کہ داماد حضرت سید الشہدا کی تہی اور شادی انکی حضرت سکینہ دختر
امام سید الشہدا سی ہوئی تہی باعث اون قبایح کی کہ مختار مذکور سی ظاہر ہوئی تہین
خروج فرمایا اور فوج کشی کرکی مختار کو قتل و واصل جہنم کیا اور اس لڑائی
مین عمر بن حضرت علی بہی بقول صاحب خلاصۃ الاخبار شہید ہوئی

ذکر دوم فرقہ ہای شیعہ کہ امامت پر اختلاف رکہتی ہین اول
کیسانیہ امامت جناب امام حسین و حضرت امام حسن علیہما السلام کا انکار کرتی
ہین مختاریہ انکار امامت حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا کرتی ہین
امامیہ اثنا عشریہ انکار امامت زید شہید کا کہ چچا حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام
کی ہین کرتی ہین اور اسمین بہی فرقہ شیعہ مین اختلاف ہی بعضی کہتی ہین کہ پانچ ۵
امام ہین بعضی سات کہتی ہین بعضی اٹہ بعضی بارہ بعضی تیرہ امام کہتی ہین
شیعہ غلاۃ کہتی ہین کہ امام اس امت کی دو شخص ہین محمد مصطفی صلی اللہ

علیہ

علیہ وآلہ وسلم وعلی ورباقی نایب ہین جو کوئی کہ لیاقت اس کام کی رکہتا ہو اولاد
علی سی جلولیہ کہتی ہین کہ امام وہ شخص ہے جسکی جسم مین بعد اتعالی حلول فرماوین
یعنی اوسکی جسم مین درآوین لاحول ولا قوت الا باللہ العلی العظیم کیانیہ
کہتی ہین کہ امام بعد پیغمبر صلعم کی علیؑ ہین اونکی بعد محمد بن الحنیفہ اور ہر یک فرقہ
اما مونسی اخبار وشریعت اور سند نقل کرتا ہی امامیہ کہتی ہین کہ بعد شہادت
حضرت امام حسینؑ محمد بن الحنیفہ پسر حضرت مرتضی نی دعوی امامت کا کیا تہا
لیکن آخر با مامت امام زین العابدینؑ کی رجوع کی حالانکہ محمد بن الحنیفہ نی
تمام زندگی دعوی امامت کا کیا اور امام زین العابدینؑ کی امامت کا انکار
کیا باوجود اسکی کہ حجر اسود نی گواہی بامامت امام زین العابدینؑ کی دی
کیانیہ اسکا انکار کرتی ہین کہ حجر اسود نی گواہی امامت محمد بن الحنیفہ کی دی
اور قاضی نور اللہ شوستری پیشوای شیعہ کتاب مجالس المومنین مین لکہتا ہی کہ
بعد وفات محمد بن الحنیفہ شیعہ ابو ہاشم پسر محمد بن الحنیفہ کو امام اعتقاد کہتی
ہین زیدیہ کہتی ہین کہ بعد امام حسینؑ زید بن علی بن حسینؑ امام ہوئے
اور علی بن حسینؑ کو امام نہین جانتی باقریہ امام باقر کو امام مہدی
جانتی ہین اور کہتی ہین حی لا یموت یعنی زندہ ہین نہین مرتی اور بعید غیرہ
ہین ناووسیہ یہی حق امام جعفر صادقؑ یہہ ہی اعتقاد رکہتی ہین اسمعیلیہ
یہی حق اسمعیل بن جعفر صادقؑ یہہ ہی اعتقاد رکہتی ہین اور حنفیہ

موسی کاظم کو امام نہین جانتی اور دعوی اونکا دربارہ امامت جھوٹا سمجھتی ہین قرامطیہ کہتی ہین کہ بعد اسمعیل پسر اونکی محمد نام امام ہوے جبتک قیامت ہوینگا اور احکامات شریعہ کا انکار کرتی ہین افطحیہ عبداللہ بن جعفر کو بعد جعفر صادق کے امام جانتی ہین موسویہ کہتی ہین کہ امام بعد از جعفر صادق موسی کاظم ہین ممطوریہ کہتی ہین کہ وہ حی لایموت ہے امامیہ اثنا عشریہ کہتی ہین کہ امامت تا امام عسکری تہی نفسیہ امامت محمد ملقب نفس زکیہ پسر عبداللہ بن حسن مثنی کو کہتی ہین کہ وہ ماری نہین گئی بلکہ پوشیدہ ہین بعد عیدی ظاہر ہونگے اثریہ امامیہ کہتی ہین کہ معاذ اللہ منہا اللہ تعالی بعض چیز کا ارادہ کرتا ہی پہر نادم ہوتا کہ خلاف مصلحت کی تہی مصرعہ نہانکی ماند آن رازی کزو سازند محفلہا * اور مثل مشہور ہی ادہر جو کی دو منی کا دہی آل بتال و اکر شیعہ منکر امامت موسی کاظم علی رضا و محمد تقی ہین اور کل فرقونکا یہی حال ہی اور یہہ بحث بہت بڑی ہی اس جا میں گنجائش تھوڑا سا منجملہ اختلاف کل فرقہ لکھدیا تھا نمونہ اجرور جن صاحبونکو شوق ہو تحفہ اثنا عشریہ کو دیکہین فکر سوم در بیان اختلاف اماماں با خود ہا ایسی ہی ایسمین اماموں کی بہی امامت پر اختلاف ہوئی چنانچہ فیما بین محمد بن الحنفیہ و حضرت امام زین العابدین و درمیان محمد اسحاق و عبداللہ و موسی و اسمعیل پسران حضرت

امام جعفر صادق باہم امامت پر اختلاف ہوا اور درمیان امام حسن
عسکری و جعفر بن علی کی اختلاف ہوا اور نوبت لڑائی کی یہانتک پہونچی

ذکر چہارم در بیان متفرق ہونی فرقہ ہای شیعہ لعنہم اللہ

واقف رہا ہو کہ سنہ ہجری کی قدسی مین اول لقب شیعہ جماعہ مہاجرین و انصار و
تابعین کی شروع ہوا سنہ ۳۷ مین شیعہ تفضیلیہ ظاہر ہوے ابتدا اس مذہب کی
ابو الاسود دیلمی سی کہ واضع علم نحو اور شاگرد حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا تھا اور
بموجب امر اور تعلیم انکی اسنی قواعد نحو کی تالیف کی باغوای عبد اللہ ابن سبا
یہودی مذکور ہوے بعد اوسکی ؛ شیعہ سبئیہ سنہ ۴۰ مین ؛ کیسانیہ سنہ ۶۴ ؛
مختاریہ سنہ ۶۶ ہشامیہ سنہ ۱۰۹ ؛ زیدیہ سنہ ۱۲۲ ؛ جوالقیہ و شیطانیہ سنہ ۱۴۳ ؛ زراریہ
و مغوضیہ و بدائیہ و ناؤسیہ و غمائیہ سنہ ۱۴۵ مین اسماعیلیہ سنہ ۱۵۰ مبارکیہ
سنہ ۱۵۹ ؛ واقفیہ سنہ ۱۸۳ ؛ حسنیہ سنہ ۱۹۵ ؛ اثنا عشریہ از امامیہ سنہ ۲۵۵ ؛
مہدویہ از اسماعیلیہ سنہ ۲۹۹ ؛ حمیریہ و قرامطیہ سنہ ۳۱۹ مین اور ان دو نون فرقون
یعنی حمیریہ و قرامطیہ نی عجب کام نامعقول باوجود بیان کرنی اپنی آپکو
مسلمان اور دعوی محب اہل بیت و شیعہ علی کی کئی مسمی ابو سعید بن حسن
بن بہرام جنابی منطی کہ اس قوم کا سردار تھا بہت سی یہ قوم ساتھ
لیکر مکہ معظمہ مین ایام حج مین گیا اور تین ہزار حاجی شہید کئے اور سر اونکی
اور اسباب لوٹ لیا بعد اوسکی مسمی ابو طاہر اوسکا ایام حج

مین بیت المقدس شریف مین گیا اور مسجد مکہ معظمہ مین گہوڑی پر سوار اور
پیالہ شراب کا ہاتہہ مین لیتا ہوا گیا اور گہوڑی لنی اوسکی مسجد ممدوح مین
پیشاب کیا اور حاجیونکو قتل کیا صاحب حدیقة الاقالیم لکہتا ہی کہ چاہ
زمزم مین لاشین مردونکی بہردین اور کہا کہ خدا تمہارا آسمان پر ہی اور گہر اوسکا
زمین پر لا چار مین غارت کرتا ہون اور از روی استہزا کی لوگونکو کہا
کہ خانہ کعبہ کی اندر گہسی مگر تب بہی ہمارے تلوار سی نجات نملی اور کہا کہ تین آدمیون
نی دنیا کو تباہ اور خراب کیا ہی ۱ شبانی ۲ طبیب ۳ سرمالی یعنی موسی
و عیسی و محمد صلی اللہ علیہم اجمعین نے اور حجر اسود کو خانہ کعبہ سی کہود کر
لیگیا مطلب یہہ تہا کہ لوگ بی اعتقاد ہوکر حج کا آنا چہوڑ دین ۳۳۹
ہجری مین خلیفہ عباسی مطیع لامر اللہ ابو القاسم فضل بن المقتدر نے
تیس ہزار دینار دیکر حجر اسود خرید کیا اوسوقت ابن حکم محدث حاضر
تہی انہون نے حدیث شریف پڑہی مضمون یہہ تہا کہ حجر اسود نہ آگ
مین جلیگا اور نہ پانی مین ڈوبیگا اسکا ابو طاہر مردود نے
تمسخر کیا اور آگ پانی منگوا کر امتحان کیا ویسا ہی ہوا کہ نتیجہ دیا
پہر ابو طاہر نے کہا اس دین متین کی بنیاد بہت مضبوط ہی اوکہڑ
نہین سکتے ذکر پنجم اعتقاد فرقہ شیعہ بحضرت احدیت جل
جو فرقہ ہای شیعہ عقیدہ جناب پاک حضرت خداوندی جلشانہ

مین کہتی ہین شہور ایسا گذرا کہ بندگان کو خدا جانتی ہین اور کچہہ اور بہی
لکہا جاتا ہی اول انکہ ذات و صفات او تعالی قدیم ہی ہمیشہ سی ہمیشہ کو رہینگی سوا
اوسکی جو چیز ہی نو پیدا ہی شیعہ کاملیہ و عجلیہ و زناقیہ و قرامطہ و سرار یہ کہتی ہین
کہ آسمان و زمین بہی قدیم ہین ہمیشہ سی ہین ہمیشہ کو رہینگی اور یہ نزار ایسے قرآن کے
اوپر پیدایش آسمان و زمین کے دلالت کرتی ہین قولہ تعالی ہو الذی
خلق السموات والارض فی ستۃ ایام قولہ تعالی ائنکم لتکفرون بالذی
خلق الارض فی یومین اور خطبہ ہی حضرت امیر مین کتاب شیعہ نہج البلاغت
مین مذکور ہی اوسمین تصریح ہی کہ بیچ ازل کی کچہہ نہ تہا اللہ تعالی نی سب
چیز عدم محض سے پیدا کی اور ایسی ہی فنا ہونی آسمان و زمین پر آیات
کلام اللہ دلالت کرتی ہین قولہ تعالی اذا السماء انشقت واذا السماء انفطرت
دوم اللہ تعالی زندہ ہی ساتہہ حیات کے اور عالم ہی ساتہہ علم کی اور قادر
ساتہہ قدرت کی علی ہذا القیاس صفات خاص اوس تعالی کی ثابت ہین
جیسا کہ اسماء اوپر اوس ذات پاک کے بولتی ہین اور کل فرقہ امامیہ کہتی
ہین کہ اللہ تعالی صفات نہین رکہتا یہ عقیدہ بہی خلاف کلام اللہ و خلاف
عترت کی ہی قولہ تعالی ولا یحیطون بشیء من علمہ قولہ تعالی انزلہ
بعلمہ اور کتاب شیعہ نہج البلاغت مین جو حضرت امیر کی خطبونمین
فرمایا ہی موجود ہمیشہ اظہار سی متواتر صفات او تعالی مرحمت ہین

فرقہ اسماعیلیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالی نہ موجود ہے نہ معدوم اور نہ زندہ ہے
نہ مردہ اور نہ سمیع ہے و نہ بصیر اور نہ اعمی یعنی نابینا ہے و نہ عالم اور نہ جاہل
نہ قادر و نہ عاجز و نہ واحد و نہ متعدد یہہ سب خلاف کلام مجید و عترت کی
ہے اور کہتے ہیں کہ اللہ تعالے مختار نہیں ہے جس وقت کسو چیز کو دوست رکہتا ہے
بے اختیار وہ چیز موجود ہو جاتی ہے مانند شعاع کی شمس سے اور یہہ خلاف کلام اللہ
کی ہے قولہ تعالے وربک یخلق ما یشاء و یختار و قولہ تعالے یفعل ما یشاء
حق ہے کہ اللہ تعالے ہر چیز پر قادر ہے لیکن شیخ ابو جعفر طوسی و شریف
مرتضی اور بہت پیشوایان شیعہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالے اوپر عین مقدور بندہ کے
قادر نہیں یہہ مخالف کلام مجید کی ہے قولہ تعالے واللہ علی کل شیء قدیر
شیطانیہ مطیع احول الطاق کہتے ہیں کہ اللہ تعالے کو کسو چیز کا علم نہیں
ہوتا ہے پہلے پیدا ہونے اوسکی سے اثنا عشریہ کے مقتدا مصنف کتاب کنز العرفان
بہی اسی قسم سے ہے کہتا ہے کہ اللہ تعالے جزئیات کو پہلے پیدا ہونے اونکے سے نہیں
جانتا یہہ بہی خلاف تمام کلام اللہ کی ہے قولہ تعالے واللہ بکل شیء علیم
قد احاط بکل شیء علما۔ اور نیز خبر دینی غلبہ روم اور ہر ماری کی قبل از وقوع
واقع تہی اور فرقہ ہای شیعہ حکمیہ و سالمیہ و شیطانیہ و میثمیہ
اقسام امامیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالے جسم ہے معہ طول و عرض و عمق جیسا کہ
روایت کی کلینی نے ابراہیم بن محمد الہمدانی سے اور لطف یہہ ہے کہ ان سب

عقاید کو بموجب روایات اماموں کی کہتی ہیں امامیہ اور تیرھویں فرقہ زیدیہ
کہتی ہیں کہ بعضی مراد الٰہی نہیں ہوتی اور مراد شیطان کی کفر واقع ہوتے ہیں
اہل سنت و جماعت کہتی ہیں کہ لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ
اور مخالف ارادہ حق تعالیٰ کی ارادہ کسو کا پیش نہیں جاتا اس جگہ
مذہب امامیہ کا موافق مذہب مجوس کے ہی اور یقین کی تین مرتبہ ہیں
حق الیقین عین الیقین علم الیقین فرقہ شیعہ کو ایک بھی حاصل نہیں
شیعہ خمسیہ پانچ تن کو خدا کہتی ہیں اور قایل ہیں کہ یہہ پانچ تن شخص واحد
ہیں ایک روح ہی انمیں حلول کیا غلاۃ زراریہ قایل ہیں کہ اللہ تعالیٰ
نی یہہ تمام بدنوں اماموں کی حلول فرمایا شیخ ابن مطہر حلی پیشوا شیعہ کا
اپنی خجالت مٹانی کو کتاب نہج الحق میں محل حلول کا ساتھہ حضرات صوفیہ
اہل سنت کی کہ یہہ لفظ اصحاب صفہ سی مشتق ہی نسبت کرتا ہی حالانکہ فرقہ
جلیلہ صوفیہ جو عقیدہ حلول کا قایل ہو اور معتقد اسکو کافر جانتی ہیں
اور یہہ سمجھنا انکا ناہمی کلام سے ہے بقول شخصی بیل نہ کودا کودی گون
یہہ تماشا دیکھی گون ناچ نجانی انگن ٹیڑھا بس اسقدر کافی ہی جو لکھا
العاقل تکفیہ الاشارۃ ذکر تشیع در نبوت کل فرقہ شیعہ حضرت
علی کو کل انبیا و مرسل علیہم الصلوۃ والسلام سی افضل اور جناب محمد رسول
اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی برابر جانتی ہیں اور اصطلاح فرقہ شیعہ غلاۃ

نصیریہ مین لفظ اللہ کا امام کو اور لفظ رسول نایب کو اور لفظ جبرئیل کا
واقع نویس کو کہتی ہین اور ہرگز شریعت سی کام نہین رکہتی شیعہ
معمریہ کہتی ہین کہ حضرت امام جعفر صادق نبی تہی اور پیچہی اونکی
ابو الخطاب نبی اور بعد اوسکی معمر نبی تہا باوجودیکہ جب دین اسلام
کا دعوی کرتی ہین اوسمین خاتم النبی جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
ہو چکی اور پہر نبی نہین ہوگا شیعہ غرابیہ کہتی ہین کہ حضرت جبرئیل
کو اللہ تعالی نے ہمیشہ وحی دیکر علی رضی اللہ تعالی عنہ کی پاس بہیجتی تہی اور حضرت
جبرئیل علیہ السلام وحی محمد الرسول اللہ صلعم کی پاس پہونچاتی تہی
پس حضرت جبرئیل کو اسی سبب سے لعنت کرتی ہین نقل کفر کفر نباشد
بدین الفاظ کہ لعنت اللہ علی صاحب الریش شیعہ ذبابیہ محمد کو نبی اور
علی کو اللہ جانتی ہین شیعہ حضرت آدم صفی اللہ علیہ وعلی نبینا الصلوۃ
والسلام کی حق مین کہ جنکی اولاد سارا جہان ہی اور ملایک کو حکم واسطے
سجدہ کی ہوا اور پیغمبر صلعم نی اونکی اونکو سید ولد آدم فرمایا کہتی ہین کہ آدم وہی کرتی
ہین اور کہتی ہین کہ آپنی حسد او بعض ایمہ اطہار کیا اور میثاق
ولایت انکی پر اقرار نکیا اور عہد خدا تعالی کو ترک کیا اسواسطے
اللہ تعالی نی غضب فرمایا اور ہمیشہ غضب مین رہنگی معاذ اللہ من ذالک

محمد بن بابویہ پیشوا شیعون نے کتاب عیون اخبار الرضا مین حضرت امام
موسی رضا سے نقل کی ہی کہ حضرت آدم نے اپنے دلمین خیال کیا تہا کہ مین
خلق پر ممتاز ہون پہر حکم پروردگار عالم کا ہوا کہ ای آدم اوٹہا سر اپنا
ساق عرش کو دیکہ جو دیکہا تو لکہا تہا ✚ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ

امیر المومنین و زوجہ فاطمہ سیدہ نساء العالمین و الحسن و الحسین سید اشباب اہل الجنۃ
✚ حضرت آدم نے عرض کیا کہ یارب یہ کیسے کون ہین حکم ہوا کہ یہہ ذریت تیرے
ہین و بہتر ہین تجہسے اور کل خلق سے اگر نہ پیدا کرتا مین انکو نہ پیدا کرتا تجکو اور نہ بہشت نہ دوزخ
اور نہ آسمان و زمین اور اگر تو انکی طرف نظر حسد سے دیکہیگا تو نکال دونگا
اپنے قرب سے جو حضرت آدم نے حسد کیا اللہ تعالے نے شیطان کو آپ پر مسلط
کیا اور اسیطرح حضرت یونس اور موسی علیہما السلام کے حق مین واہیات کلمے
لکہتے ہین حالانکہ انہون نے نہ خلافت غصب کیے تہے اور نہ فدک وغیرہ بلکہ ہزارون
برس پہلے گذرے ہین اس فرقہ کی عادت یہہ ہی شعر نیش عقرب نہ از پی کین
است ✚ مقتضای طبیعتش اینست ✚ اور مثل مشہور ہی چاند پر خاک
ڈالے سے نہین پڑتی بلکہ ڈالنے والے کی سر پر گرتی ہی ✚ انکے قول و فعل کا کیا
اعتبار ✚ ذکر ہفتم دربارہ محبت اہل بیت فرقہ ہای شیعہ دعوی محبت
اہل بیت کا کرتے ہین اہل بیت لفظ عربی ہی معنے اسکے صاحب خانہ اصل مراد
اہل خانہ سے زوجہ ہوتی ہی کہ مشہور ہے بعد اوسکے رتبہ اولاد کا ہوتا ہے

اور بعد اونکی کنیزان وغیرہ خوادم کا ہوتا ہی سارا جہان جانتا ہی اور
شیعہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ و حضرت حفصہ رضی اللہ تعالی عنہما زوجہ
جناب پیغمبر خدا صلعم کو کہ جنکی حق مین اللہ تعالی نی آیۂ تطہیر فرمائی اور اونکو
مادر کل مسلمانان کی فرمایا لعن طعن کرتی ہین اہل بیت انکی نزدیک صرف
حضرت امیرؑ و حضرت فاطمہؑ و حضرت امام حسنؑ و امام حسینؑ ہین حالانکہ جناب
پیغمبر خدا صلعم نی انکو دعا مانگ کر اہل بیت مین شامل فرمایا اور اسیطرح
حضرت عباسؓ اپنی چچا کو اور اولادنکی کو دعا مانگ کی شریک اہل بیت
کی کیا واسطے شامل ہونی انعام الہی مین ورالا جو اصل اہل بیت ہین اونسی کل فرقہ
شیعہ دشمنی رکہتی ہین * برعکس نہند نام زنگی کافور * اور بارہوین پارہ کلام
مجید مین جس جگہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو فرشتون نی خوشخبری
پیدا ہونی حضرت اسرائیل یعنی حضرت اسحاق اور حضرت یعقوب
علیہما السلام کی دی زوجہ انکی نی فرمایا کہ مین اور شوہر میرا کبرسن ہین تو فرشتون
نی کہا قولہ تعالی قالوا اتعجبین من امر اللہ رحمت اللہ و برکاتہ علیکم اہل البیت
یعنی کہا او نہون نی کیا تعجب کرتی ہو تم امر اللہ سی رحمت اللہ کی اور
تمہارے اور برکتین او سکی اہل بیت * اور اہل سنت و جماعت سب اعتقاد
رکہتی ہین پس ظاہر ہی کہ محب اہل بیت کون فرقہ ہی اور حدیث شریف
ہی جناب پیغمبر خدا صلعم نی فرمایا ایک کلام اللہ دوسرے اہل بیت اپنی کو

واسطے اتباع دوسرے فرقے کی چھوڑا ہی سب مسلمانان کو اتباع ان دونو کا چاہیے
اہل سنت و جماعت سب کے معتقد ہیں بخلاف شیعوں کی کہ بعضی کا اقرار اور بعضی
کا انکار بلکہ تکفیر کرتے ہیں چنانچہ بیان انکا گذرا اور اپنے تئیں محب اہل بیت بیان
کرتے ہیں بہت بہتر ہیں فہمید و کر ہشتم قصہ فدک فرقہ شیعہ
حضرت ابا بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ خلیفہ اول کے ذمہ پر یہ الزام رکھتے
ہیں کہ انہوں نے جناب سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا کو کہ پیغمبر خدا صلعم کی بیٹی
کو پدر انکی کی ارث ندی اور محروم کیا اور فاطمہ نے فرمایا کہ ای ابو قحافہ کے بیٹے
تو پدر اپنے سے میراث لیتا ہے اور میں میراث پدر اپنے سے نلوں اسپر ابو بکر صدیق
نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہے کہ ہم لوگ انبیا نہ کسو سے میراث لیتے
ہیں اور نہ ہم سے کوئی میراث لیتا ہے اور اس حدیث شریف کو جو حضرت
ابو بکر صدیق نے بیان کی تھی شیعہ خلاف نص کلام اللہ جانتے ہیں اور اس مقدمہ
میں دو آیت پڑھ لکھتے ہیں ایک قولہ تعالی ورث سلیمان داؤد
دوم قولہ تعالی وہب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب
اور کہتے ہیں کہ ان آیات سے معلوم ہوا کہ انبیا وارث ہوتے ہیں اور انکے
وارثان بھی میراث لیتے ہیں جواب حضرت ابو بکر نے جو جناب پیغمبر صلی
اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا اس سبب سے منع میراث کا کیا نہ براہ
عداوت و بغض جیسا کہ شیعہ تاویل کرتے ہیں اور ظاہر ہے اگر میراث

پہونچتی تو ازواج مطہرات کو بھی پہونچتی اور حضرت عائشہ صدیقہ کہ زوجہ جناب
پیغمبر خدا صلعم کی ہین دختر حضرت ابو بکر صدیق کی تہین اگر جناب سیدہ
فاطمہ الزہرا سے عداوت ہوتی تو اپنی بیٹی و دیگر ازواج کو کیون محروم رکہتے
اور نیز حضرت عباس عم حقیقی جناب پیغمبر صلعم کو قریب نصف میراث
کی شرعا پہونچتی تہی اور یہہ حضرت ابتدای خلافت ابو بکر سے کیسی رفیق اور شریک
رہی تہی اونکو بہی کس واسطے محروم رکہتے کس لیے کہ کمال موافقت ظاہر ہے
لیکن مراد میراث سے آیات شریفہ مین علم و نبوت و کمالات نفسانی مین نہ
وراثت مال و متروکہ کس واسطے دستور ہے کہ بعد انتقال باپ دادے کی وارث
ترکہ کا اور مالک بیٹا پوتا ہوتا ہے کہ سارے جہان مین یہہ بات جاری ہے اور
حکم الہی اس باب مین دربارہ فرایض بتفصیل نازل ہے اگر شیعہ کہین کہ نہین
ان آیات شریفہ سے وراثت مال و ترکہ ہی منظور ہے تو ہم کہتے ہین اللہ تعالی نے
وراثت مال و ترکہ مین سوای پسر و دختر اور اقربا ازواج و عم وغیرہ بموجب
حکم فرایض اللہ مستحق فرمایا ہے ذکر انکا بہی فرمایا جاتا علاوہ اسکے اس جگہ
آیات شریفہ مین وراثت منصب مراد ہے بالقطع کس واسطے اگر مال و ترکہ
منظور ہوتا تو حضرت داود علیہ السلام کی اٹہارہ ۱۸ پسر تہے
سترہ پسر کیونکر خارج ہوے جو حضرت سلیمان ع فقط ایک پسر وارث
ہوے اور بعد و نیز آیہ مین اگر لفظ آل یعقوب ع سے نفس ذات حضرت

یعقوب مراد ہو بطریق مجاز تو لازم آتا ہی کہ مال حضرت یعقوب
زمانہ انکی سی تا زمانہ حضرت زکریا علیہ السلام کہ زیادہ دو ہزار سال سے
ہوتی ہی باقی تھا غیر مقسوم اور تقسیم ہو سکی بعد از وفات حضرت
زکریا کی حصہ حضرت یحیی کا حضرت یحیی کو پہونچی اور اگر پہلے وفات زکریا
تقسیم ہوا ہوتا تو وہ مال زکریا کا ہوتا اور وہ پر تشتی من وجہ اخل ہوتا
اور اگر مراد آل یعقوب سی اولاد یعقوب ہو تو لازم آتا ہی کہ حضرت
زکریا علیہ السلام وارث جمیع بنی اسرائیل کے ہوں کیا زندہ کیا
مردہ پس ان دونوں امر سے صریح واضح کہ یہی مراد علم نبوت
و کمالات نفسانی ہی نہ مال و ترکہ اور جو شیعہ لکھتی ہیں کہ جناب پیغمبر خدا
صلعم نے فدک جناب سیدۃ النساء فاطمۃ الزہرا کو ہبہ فرمایا تھا یہ
محض غلطی ہے کچھ ثبوت اسکا کسی طور سے نہیں ہو سکتا اور
نیز ہمت علیا نفوس قدسیہ انبیاء علیہم السلام خصوص حضرت زکریا
کہ بکمال وارستگی و بے تعلقی کے مشہور ہیں تعلقات اس عالم بے
ثبات پر تعلق خاطر بغیر جناب حق جل و علی رکھتی اور بعض علماء اس
جگہ پر بحث کرتی ہیں کہ اگر انبیاء علیہم السلام کو میراث نہیں پہنچتا
تو حجرات یعنی گھر ازواج مطہرات کو کس واسطے دیتی تو یہیں غلطی واقع
ہی حجرات ازواج مطہرات و جناب فاطمۃ الزہرا بطور ملکیت تھی

نہ بطور میراث کلام مجید مین بہی بیوتہن فرمایا ہی یعنی اضافت بیوت کی
طرف ازواج مطہرات کی ہی اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی حجرہ
ہای تمام ازواج مطہرات و حضرت زہرا کو حوالہ اونکی فرمادیے جس سے قبضہ
ثابت ہوا کہ حیات جناب سرور کائنات مین تصرفات مالکانہ اسمین کرتی تہی
تہی اور قطع نظر اسکی خلفاء ثلاثہ نی جس طرح خلافت بوجہ عداوت یا حب
دنیا وغیرہ غصب کیے تہی اسیطرح فدک بہی ضبط کیا تو ہم کہتی ہین کہ جناب
حضرت مرتضی نے بعد آپکی جناب حضرت امام حسین نی کیون نہین دیا
وارثان ہی کو ملتا کہ حق حقدار کو پہونچتا انہون نے کیون ناحق اپنی خلافت
مین کیا اگر کیا تو جو شیعہ طعن خلیفہ اول پر کرتی ہین اوسمین یہ پانچون خلیفہ
شامل ہوتی اگر شیعہ کہین کہ مال غصب شدہ سمجہکر نہ لیا تو ہم کہتی ہین کہ خلافت
غصب شدہ کو کیون دونو حضرت نی قبول فرمایا ہی صاف ظاہر ہی
کہ جو حق تہا سو ہوا یہہ سب تلاش الزام ناحق ہی جو دلی کمان کی بقول شخصی
بات کا بتنگڑ بنادیا ذکر سیوم دربیان تقیہ واضح ہو کہ علماء فرقہ شیعہ تقیہ
آیہ شریفہ قولہ تعالی ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم اسطور پر کرتی ہین کہ
اتقاکم سی تقیہ مراد ہی اگر یہہ معنی درست ہون تو اس سی لازم آتا ہی کہ حضرت
علی و حضرت ذکریا و حضرت امام حسین علیہم السلام نی سب کی نزدیک
تقیہ نہین کیا ہی ہرگز نزدیک خدا تعالی کی کرامت و بزرگی نہین رکہتی

اور منافق عہد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نزدیک خدا تعالی
کی عالی درجہ ہون کسواسطے کہ ہمیشہ تقیہ ہی کرتی رہی ؛ سبحانک ہذا بہتان
عظیم ؛ اور حقیقت مین معنی الفاظ کی ٹرا پرہیزگار تمہارا ہی اور تقیہ کیا
چیز ہی یعنی پوشیدہ رکھنا مذہب کا اور دلمین کچہہ اور ظاہر مین کچہہ کہ مذہب
شیعہ مین فرض ہی اور نفاق مین اور تقیہ مین کچہہ فرق نہین معلوم ہوتا
اور نفاق ایسی بری چیز ہی کہ ساری کلام مجید مین مذمت اوسکی موجود ہے
بلکہ سورہ بقر مین تین آیہ مذمت مشرکین مین اور تیرہ آیات مذمت منافقین
کی اور نہایت منافقین کا نیچکی درجہ دوزخ مین فرمایا ہی ؛ قولہ تعالی

اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ؁

اور تقیہ اہل شیعہ کیا نہ وہ مختار یہ مین جاری ہوا کسواسطے کہ مدینہ
منورہ مین تسلط مروان مروانیہ کا تہا اگر یہہ لوگ ظاہر ہوتے کہ شیعہ ہین
تو پٹتی اور قتل ہوتی ماری ڈر کی ظاہر مین مروانیہ ہی بنی رہتے
اور باطن مین جو تہی سو تہی یہہ اصل ایجاد تقیہ کی اسطرح پیدا ہوئی لیکن
جو تقیہ واسطے بچاو کی بڑا قلعہ ہی اور حیلہ درست انکی ہاتہہ آیا اسکے
کل فرقہ مین جاری ہوا اور اسکے ذریعے سے بیخ بنیاد انکی کندہ ہوسکتی ہے اور کوئی
شیعہ کسو حال مین اسے خالی نہین رہتا اسواسطے تاویل جہوٹی کی فرض مقرر
کیا ہی اور جو قول جناب امیر اور دیگر اماموں کی اپنی مذہب کے خلاف

بابِ مدح صحابہ کرام اور تہدید و مذمت فرقہ شیعہ یعنی فرقہ گمراہ کی بابت
کرنا حضرت امیر کا خلفائے ثلاثہ سے انکو کہتے ہین کہ براہ تقیہ فرمائی اگر تقیہ درست
ہوتا تو دین اسلام کیون جاری ہوتا اور اگر درست و فرض ہی تو جناب
حضرت امام حسین ع نے بیعت یزید پلید کی کیون نہین کر لی کہ جان بھی
سلامت رہتی اور ترک فرض اور سنت پدر کہ پیشوای دین متین کے تھے
نہ ہوتا خوب سمجھ لے سیدھی بات کو اولنتے و سمجھتے ہین حدیقۃ الاقالیم مین
لکہا ہی کہ جب مقابلہ امام زید شہید بن حضرت امام زین العابدین علیہ السلام
کا ساتھ ہشام بن عبد الملک مروان خلیفہ کے ہوا فرقہ روافض نے
کہ ہمراہ اونکے تھے کہا کہ ابو بکر و عمر کو برا کہو نہین تو ہم جدا ہو چلیگے
امام موصوف نے انکار کیا تو یہہ فرقہ الگ ہو گیا اور آپ شہید ہو گئے
پس اگر برا کہنا مناسب ہوتا تو ایسے وقت مین کہ انکی لڑائی سے ایسا
ساتھ انکی خلافت کی تھی بے شک کہتے اور اگر تقیہ درست ہوتا تو
بھی کتنی جان کیون کہوتے اور نیز لکھا ہی کہ کفر چار قسم کا ہوتا ہے
اول کفر کفار مشرکین کہ حق تعالے و محمد صلعم کو نہین پہچانتے اور اقرار
نہین کرتے دلسے نہ زبان سے دوم کفر جہود و شیطان کہ حق تعالے
و محمد صلعم کو دلسے پہچانتے ہین اقرار زبانسے اور دلسے
نہین کرتے سوم کفر نفاق کہ زبانسے اقرار اور دلسے انکار

چنانچہ فرقہ شیعہ کا ہی چہارم کفر اعتقاد کہ بدل خدا اور رسول اللہ صلعم کو نہ
پہچانتی ہین اور نہ زبان سے اقرار کرین مانند ابی طالب کی اور ظاہر ہی کہ
جو شخص ان چار قسمو نسی ہوگا مغفرت الہی سی خارج ہی اور قلب یعنی دل
بہی چند قسم معلوم ہوتا ہے اول قلب منیر اور اوسکو قلب سلیم بہی کہتے
ہین اور وہ قلب خلیل کا ہے دوم قلب منیر اور وہ قلب سیدنا محمد صلی اللہ
علیہ و آلہ وسلم کا ہے پس قلب منیر وہ قلب ہی کہ اتباع انحضرت صلعم کری سوم قلب
منیب اور وہ قلب متقین کا ہی چہارم قلب سقیم اور وہ قلب کافر کا ہی اور قلب اعلام
تین قسم کی ہوتی ہین قلب متعلق بدنیا قلب متعلق بالآخرت قلب متعلق بمولا
خود اور بعضی کہتی ہین کہ قلب تین قسم ہوتا ہی اول قلب متعلق اور وہ قلب
کفار کا ہی دوم قلب معدوم اور وہ قلب منافق کا ہی سوم قلب ثابت
اور وہ قلب مومن کا ہے **ذکر دہم دربیان اعتقادات بعض فرقہ شیعہ**
فرقہ شیعہ اسماعیلیہ و خطابیہ و منصوریہ و باطنیہ و قرامطیہ و زراریہ کہتی ہین
کہ معنی کلام مجید اور حدیث شریف کی ظاہر لفظون پر نہین بلکہ اشارہ
دوسرے ہین کہ اوسکو سوای امام کی اور کوئی نہین جانتا چنانچہ وضو کے
معنی محبت امام سی رکہنا تیمم کی معنی امام کی ساتھہ دوستی محبت رکہنا
نماز سی مراد ارشاد رسول اللہ صلعم زکاۃ کی معنی پاک کرنا نفس کا
کعبہ کے معنی نبی دروازہ کی معنی علی صفا و مروہ حسین و حسن ہین

اور حدیقة الاقالیم مین لکھا ہی صفا و مروہ دو شخص مرد و عورت تھی کہ
بسبب کرنی زنا خانہ کعبہ مین غضب الہی سی سنگ یعنی پتھر ہو گئی اور جسکی
حکم خدا کی واسطہ توڑ ڈالنی بتون کی آیا یہہ دونو بھی توڑی گئی کیا خوب
مذہب شیعونکا اور عقاید ہین کہ کس شی کی تشبیہ جناب حضرت امام حسین
و حسن علیہما السلام کو دیتی ہین سات دفعہ جو طواف خانہ کعبہ کا کرتی ہین وہ
مراد سات امامونسی ہے احتلام کی معنی بھید کھول دینا غسل
کی معنی از سر نو عہد امام کرنا بہشت کی معنی آرام بدنکا تکلیف شرعیہ سے
یعنی نماز روزہ وغیرہ دوزخ کی معنی تکلیف بدنکی اسی واسطہ
انہون نی حاجیونکو قتل کیا مکہ معظمہ مین اور مال لوٹا اور حجر اسود کو
اکھاڑا تشیعہ مین علماء مکارہ فرقہ شیعہ اثنا عشریہ بلاد آذربیجان
و خراسان و جرجان و مازندران وغیرہ مین جمع ہوئے ایک عالم کی نائب دشمن
کو نائب صاحب زمان قرار دیا اور رسم سجدہ کی بجا لایا اور ایسی خوش
آمد ولنسی بکمال تقرب بادشاہ سی حاصل کیا پہر بادشاہ کو ترغیب
دی کہ لوگون کو زبردستی مذہب مین اپنی لاوے جو کوئی انکار کرے
اوسکو قتل کر دیوے اور لوگونکو جمعہ و جماعت سی منع کری اور بلجہان
جنب مقرر کیا اور خطبہ مین تبرا کرنا حضرت عائشہ صدیقہ و حضرت
و حضرت حفصہ و اکابر صحابہ کا اور نیز تبرا کرنا کوچہ و بازار مین شروع

کیا

کیا اور رسالہ در بارہ وجوب ہونی لعن و تبرا تصنیف کئی بادشاہ نی سب
قبول کیا جماعہ کثیر علماء اہل سنت قتل ہوئی مسجدین خراب ہوئین اور بہت
قبرین صلحا کی کہود ڈالین اور استخوان اونکی جلای مثل عین القضاۃ ہمدانی
و قاضی ناصر الدین بیضاوی وغیرہ اور بہت قبور عنایت الٰہی سی بچ رہے
مثل شیخ الاسلام احمد جامی و شیخ ابو الحسن خرقانی و ابو یزید بسطامی و شیخ
الاسلام عبد اللہ انصاری کی بلکہ تمامی مشائخ ہرات اتفاقاً رئیس افاغنہ قندہار
پہونچی اور بادشاہ اور اہل اوسکی کو قید کیا مردمان اوس دیار کی کہ مذہب شیعہ
رکھتی تہی اونہوں نی اپنی آپکو نواح ہندوستان و سندہ مین پہونچایا اور رفتہ
رفتہ مذہب اپنا ظاہر کیا اور آخر وزارت امارت صوبہ داری وغیرہ اعلی عہدے
انکو نصیب ہوئے اور رفتہ رفتہ ایسا ہوا کہ ایک فرقہ شیعہ نواح صورت مین رہتے ہیں
بوہرہ کرکی مشہور ہین اور بہت مالدار اور بڑی سخت قوم فاسد عقاید
ہین سنا ہی کہ جسوقت کوئی اونمین سی مرتا ہی تو مجتہد اونکا ایک خط بنام
حضرت جبرئیل علیہ السلام بدین عبارت لکہتا ہی کہ ای جبرئیل یہہ شخص مومن
تہا اور جنان اور جنین اوسکو فلانہ مکان بدین صفت دینا اور اکثر
فرقہ ہای شیعہ ناتہہ مردمان تتار یعنی چنگیز مقتول و مفقود یعنی نابود ہوئے

ذکر یازدہم باقی رہنا فرقہ ہای گمراہ کا وجہ اسکی یہہ ہے
کہ بعد انتقال جناب سرور کائنات صلعم زمانہ خلیفہ اول مین سماعت

گروہ مسلمانان سے مرتد ہوگئے تھے یعنی اصل دین اسلام سے پھر گئے اور انکار
کیا ۔ بنو فزارہ ۔ غطفان ۔ بنو سلیم ۔ بنو یربوع ۔ بعضے بنو تمیم ۔ بنو کندہ ۔
بنو بکر ۔ لیکن خلیفہ اول نے ان ساتوں فرقوں کو بیخ و بنیاد سے اکھاڑ
اور قتل کیا باقیماندہ کو پھر اسلام میں لائے اور ایک فرقہ عہد خلیفہ دوم
میں مرتد ہوا اور مذہب نصاریٰ اختیار کیا ایسے ہی عہد خلیفہ چہارم علی مرتضیٰ
میں پھر تین فرقہ یعنی ۔ خارجی ۔ ناصبی ۔ دشمن حضرت مرتضیٰ
و اہل بیت اور ۔ رافضی ۔ دشمن صحابہ کرام و ازواج مطہرات جناب
پیغمبر صلعم پیدا ہوئے اور جناب امیر المومنین کو فرصت محاربہ اہل شام
اور امور خلافت سے حاصل نہ ہوئی کہ آپ متوجہ حال بحال ان فرقوں کے
ہوتے اور استیصال ان گمراہوں کا فرماتے اور ثابت ہے کہ حضرت امیر المومنین
کو اتفاق جہاد مرتدین کا نہ ہوا بلکہ خود فرمایا اُبْلِیتُ بِقِتَالِ اَهْلِ الْقِبْلَة
یعنی مبتلا ہوا میں ساتھ قتال اہل قبلہ کے جیسا کہ شیعہ امامیہ نے اپنی کتب معتبرہ میں
بیان کیا ہے اگر امامیہ کہیں کہ مرتد منکر امامت کو کہتے ہیں ہم کہتے ہیں کہ عرف
قدیم اور جدید میں مرتد اس شخص کو کہتے ہیں کہ اصل دین کا انکار کرے
اور قتال عہد حضرت امیر کا واسطے طلب اسلام کے نہ تھا بلکہ محض
واسطے انتظام امامت کے تھا اور منکر امامت کو عرف قدیم و جدید میں کافر نہیں کہتے

ذکر دوازدہم ۱۲ قصہ قرطاس ۔ شیعہ کہتے ہیں کہ جناب پیغمبر خدا

صلعم نے بروز پنجشنبہ چار روز پیشتر وفات اپنی سے فرمایا کہ ایتونی بقرطاس
یعنی لاؤ تم کاغذ تو میں ایک کتاب واسطے تمہارے لکھوں کہ بعد وفات
میری کے گمراہ نہو حضرت عمرؓ نے کہا کہ ہمکو کلام اللہ کفایت کرتا ہے جو
ہمارے پاس موجود ہے حضرت عمرؓ نے نافرمانی جناب سرور عالمؐ کی کرے
کہ کاغذ نہ لاتے جواب جس حالتمیں آپ نے ایتونی صیغہ جمع کا فرمایا
پس جتنے اصحاب اور اہل بیت اوسوقت حجرہ میں موجود تھے سب سے
یہہ خطاب ہوا نہ فقط حضرت عمرؓ سے چنانچہ حضرت مرتضیٰ و دیگر اہل بیت
حاضر تھے اور ونے تعمیل اس ارشاد عالی کی کرے ہو جس جگہ جماعت
کثیر و اقربا وغیرہ یعنی دینی و دنیوی موجود ہوں ایک انکار حضرت عمرؓ
سے کیا ہوتا تہا اور اگر یہہ اعتراض قایم رکہا جاتو سب پر کہ اوسوقت
حاضر تھے وارد ہوتا ہے اور کتاب مستطاب تحفہ اثنا عشریہ میں اس طعن کے
بہی خوب جواب لکھے ہیں جسکو شوق ہو دیکھے اس احقر نے صرف بے
اصلی اسکی بیان کردے ذکر سیزدہم دربارہ خلافت جو شیعہ
خلافت خلفاء ثلاثہ یعنی حضرت ابابکر صدیقؓ و عمر فاروقؓ و عثمان غنیؓ
ناحق اور براہ غصب جانتے ہیں اور یہہ بنا انکی غلط اور براہ
خباثت نفس اپنے ہے اور فی الحقیقت خلافت ہر پنج خلفاء راشدین
تا مدت تیس سال بموجب ارشاد ہدایت بنیاد مخبر صادق صلی اللہ

علیه و آله وسلم حق ہی اور شیعه جو کہتی ہین وہ مضمون خلاف حدیث
شریف کی ہی کیونکہ آپنی فرمایا ہی کہ خلافت تیس برس تک خلفاء
عادل مین رہیگی بعد اوسکی ظالمون مین چنانچہ اسی حدیث شریف کی بموجب
جناب حضرت امام حسن علیه السلام نی خلافت چہہ مہینی کرکی معاویہ کو
کئی شرطون پر چہوڑ دی تصدیق اس ترتیب خلافت کی اور فضائل
خلفاء راشدین کی اسقدر ہین کہ اس مختصر مین گنجائش اسکی نہین ہو سکتی
لیکن راقم تہوڑا سا لکہتا ہی صاحبان ناظرین ان اوراق کو مناسب
ہی کہ اسپر غور فرماوین کتاب روضة الصفا مین جسکا مصنف شیعه اور
شیعون کی نزدیک نہایت معتمد تہا لکہا ہی ابوذر غفاری سی نقل ہی
کہ جناب سرور کائنات صلعم کی حضور مین حضرت ابوبکر صدیق و
عمر و عثمان و علی رضی الله تعالی عنہم اجمعین حاضر تہی آپ نی سات
سنگریزہ اپنی دست اقدس مین اوٹہا لئی سنگریزہ تسبیح سبحان الله
والحمد لله کرنی لگی اور آواز اونکی بقدر زنبور عسل نکلتی تہی بعد اوسکی
چارون صحابیون کی ہاتہ مین بہی ویسی ہی تسبیح کرتی رہی آخر حضرت
علی نی ہمکو جب حکم آپکی میری ہاتہ مین دیتی کچہہ آواز نہ نکلی ہمنی عرض
کیا کہ یا رسول الله یہہ کیا بات ہی آپ نی فرمایا کہ یہہ اور تم کیونکر
برابر ہو سکتی ہو کتاب بدر الاخبار مین لکہا ہی کہ جناب پیغمبر خدا

صلعم نے معراج مین بہشت کی سیر فرمائی چار مکان دیکھے کہ اوپر
چارون صحابہ کے نام لکھے تہے ذکر خلافت خلیفہ اول خلیفہ اول
حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ خسر جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم مین کتاب خلاصۃ الاخبار مین لکھا ہی کہ نام انکا پہلے اسلام سے
عبد الکعبہ تہا حضرت سرور عالم نے عبد اللہ تغیر فرمایا اور نیز آپ نے
انکی حق مین عتیق من النار فرمایا ہی یعنی آزاد کئے گئے عذاب
نار سی اسواسطے عتیق بہی کہتی ہین کتاب زبدۃ الاخبار مین لکہا ہی کہ
جب جناب سرور کائنات صلعم معراج مین عرش کے نزدیک تشریف
لیگئی تو آپکو بسبب تنہائی کی وحشت غالب تہی ناگہان آواز
ابوبکر آئی آپ نے نہایت تعجب کیے وقت کلام جناب باری تعالی مین عرض
کیا کہ کیا ابوبکر مجہسے پہلے یہان آگیا ہی ارشاد ہوا کہ نہین لیکن تمکو
جو اپنی مصاحب سی نہایت انس ہی اسلیئے مین نے ایک فرشتہ
بصورت ابوبکر خاص اسوقت کی واسطے کہ جب تم معراج مین آؤ تو
ابوبکر کی آواز سی پکاری اور تسلی تمہاری ہو پیدا کیا ہی اور اسی
طور پر مین نے موسی کو عصا کی ذکر سی تسکین دی تہی اور نیز لکہا ہی کہ جب آنحضرت
حضرت صلعم نے عرض کیا کہ یا جناب باری میری معراج کی
تصدیق کون کریگا حکم ہوا کہ ابوبکر چنانچہ انہون نے اول تصدیق

کی اور صدیق لقب پایا حدیقة الاقالیم میں لکھا ہی کہ سنہ ۹ ہجری
میں سب مہاجر و انصار نے مال اپنا براہ خدا جلشانہ حسب الامر
جناب سرور ہر دو جہان صلعم بیچ ساختگی مہمات کی خرچ کیا
حضرت ابوبکر نے کل مال اپنا روبرو حضرت صلعم کی لاتی آپ نے
فرمایا کہ واسطے اپنی اہل و اطفال کی کیا رکھا ہے عرض کیا کہ خدا و
رسول خدا کی سوا کچھ نہیں پر ایک دفعہ اور اتفاق ہوا کہ سب نے مال اپنا
روبرو حضرت صلعم کی رکھا اور حضرت صدیق اکبر کی پاس سوا
ے بار غلہ جو اور کچھ نہ تہا اور ایک کمبل پہنا ہوا اور بجای سوئی تہے
اور وہ لیف خرما سی سلا ہوا تہا اور سینہ میں جو گوشت مندگی سے
چھپایا ہوا تہی اس عرصہ میں حضرت جبرئیل نے تشریف لاکر
جناب سرور عالم صلعم سی عرض کیا کہ حضرت احدیت کا حکم
ہی کہ اپنی دوست سی پوچھو کہ مجھسی راضی ہی اور کچھ اوسکی پاس
ہی اس مال کی ڈھیر پر ڈال دی تا کہ یہہ سب مال پاک ہو جاے
جناب پیغمبر خدا صلعم نے پوچھا تو ان پر ایک حالت ہو گئی
اور فرمایا کہ میں راضی ہوں خوشی سے اور ظاہر ہی کہ ابوبکر کسقدر دولتمند
تہی سارا مال بعوض حضرت بلال کی دیدیا اور اوسوقت اونکو
آزاد کیا روضة الصفا میں لکھا ہی کہ آپ نے اکثر وقت انتقال

سے حضرت عائشہ صدیقہ سے فرمایا کہ بعد انتقال و تجہیز و تکفین میرے تابوت
کو پاس روضہ حضرت رسالت پناہ صلعم کی لیجا کر عرض کرنا کہ یا رسول اللہ
ابو بکر اجازت چاہتا ہے اگر اجازت ہو تو مجھکو برابر قبر منور کی دفن کرنا
و علامت اجازت کی یہہ ہے کہ دروازہ روضہ کا خود بخود کہل جاوے
اور اگر اجازت نہو تو گورستان بقیع میں دفن کرنا بعد انتقال کے ویسے
ایسا ہی کیا دروازہ خود بخود کہل گیا کتاب خلاصۃ الاخبار میں لکہا ہے
کہ جناب سرور عالم اواخر اوقات بیماری تین روز مکان سے باہر
تشریف نہ لاسکے اون دنوں میں بحکم جناب صلعم ایکے صدیق اکبر امامت فرماتے
تہے چنانچہ سترہ وقت نماز جماعت جناب سرور کائنات صلعم سے
فوت ہوئی اور اسقدر عرصہ تک ایکی زندگی میں انہون نے امامت کی
پس اس دلیل سے اول خلیفہ ہونا صدیق اکبر کا پایا جاتا ہے کہ جناب پیغمبر خدا
صلعم نے اپنی زندگی میں آپکو امامت پر قایم فرمایا اور کتاب کنوز و
روضۃ الصفا میں لکہا ہے کہ بعد انتقال جناب سید ابرار صلعم مردمان
انصار جمع ہوکے سعد بن عبادہ کو خلیفہ کرین یہہ خبر سنکر صدیق اکبر
و فاروق اعظم و ابو عبیدہ جراح اوس مقام پر تشریف لیگئے
اور دونو طرف سے بحث مفاخر و مناقب فریقین کی گفتگو
ہوئی غرض آخر کو جمیع اصحاب بخلافت ابوبکر صدیق اوسی دلیل سے

کہ جناب سرور کائنات صلعم نے انکو نماز مین خلیفہ فرمایا راضی ہوئی اور سب
نے بیعت کی اور لکہا ہے کہ جب حضرت علیؑ نے سنا کہ مسلمانون نے ابوبکر
صدیق سے بیعت کی بہ تعجیل تمام گہر مین سے باہر تشریف لائی
او سوقت سوای پیرہن کے اور کوی کپڑا بدن مبارک پر نہ تہا از انجا
چادر ابوسفیان حضرت معاویہ کے باپ نے کہا کہ ای علیؑ تم راضی ہوئے ہو کہ
ایک شخص بنی تمیم سے متصدی کار حکومت ہو بخدا سوگند اگر اجازت
ہو اس میدان کو سوار و پیادہ سے موجود کردون علیؑ نے فرمایا کہ ای ابوسفیان
تو ہمیشہ ایام جاہلیت مین فتنہ و فساد اوٹہاتا تہا اب اسلام مین بہی فتنہ
اوٹہایا چاہتا ہے ہم ابوبکر کو شایستہ اس کام خطیر کے جانتے ہین اور مجلس
ابوبکر مین جاکر بیعت کی اور ایک دم بہی بجلبر کتری سنکوا کہ بہی اب
ناظرین رسالہ ہذا انکی فضیلت اور سبب خلافت پر نظر انصاف
و غور سے دیکہین کہ ایسی شخص خلافت اور باغ فدک کو غصب کرینگی
کہ جسکو ہرگز جب ہے بنا کی نہ تہی اور دلایل حق ہونے خلافت خلیفہ
اول کہ شیعہ جسکو براہ غصب و تغلب جانتے ہین اول یہہ کہ حق تعالی
نے جماعہ صحابہ کو کہ بیچ وقت انعقاد خلافت ابوبکرؓ حاضر تہے اور
امور خلافت مین انکے ممد و معاون و مددگار تہے چند القاب سے
ملقب فرمایا ؛ قولہ تعالی ؛ اولئک ہم الفائزون ؛ قولہ تعالی

رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ ❊ اور ایک جگہ بشارت درجات عالیات
و رحمت و رضوان کا انکو فرماتی ہیں پس اجتماع ایسی شخصوں کا امر باطل پر کہ
صریح مخالف نص و رسول اللہ صلعم سی ہو محال ہی اور نہیں تو بشارت
کتاب اللہ مین کذب لازم آوی اور یہہ محال ہی دوسری کلام اللہ
مین اللہ تعالی نی وصف صحابہ کرام اسطور پر فرماتی ہین ❊ قولہ تعالی
حبب الیکم الایمان و زینہ فی قلوبکم و کرہ الیکم الکفر و الفسوق و العصیان ❊
پس جس جماعت کی حق مین اللہ تعالی اسطرح کرامت فرماوین پہر کفر و
فسوق و عصیان کا وہان کیا دخل تیسری کلام اللہ مین اللہ تعالی
یہہ آیہ تقسیم کی فرماتی ہین جو بیچ ذکر فقراء مہاجرین کی قولہ تعالی اولئک
ہم الصادقون پس جمیع مہاجرین ابوبکر کو خلیفہ رسول اللہ صلعم کا
کہتی ہی پس اگر وہ خلیفہ بحق نہوتی تو وہ صادق نہوتے اور یہہ خلاف
کلام اللہ کی ہی چہارم جس جماعت نی کہ بیعت ابوبکر صدیق سے کی وہ
لوگ تہی کہ انکو بیچ مقدمہ دین کی پاس پسران و پدران و برادران
و اقارب اپنی کا نہ تہا بلکہ انکو براہ دین قتل کیا اور لڑائی اور
اور پر مشقت ہای جہاد کی صبر کیا و محنت ہا کہینچین چنانچہ حضرت
امیر المومنین نی بہی شہادت انکی اپنی خطبوں مین فرمائی ہے نظم
سہیل و صدیق اگر جائز بود بیدہ ❊ اقتلونی نزد کی جا برگزیدے

مال دختر کرد برجا تا نثار ٭ ظلم نکند اینچنین کس شرم دار ٭ اور
تفسیر اقیلونی کی یہہ ہی کہ آپ نے درحالت خلافت اپنی فرمایا تھا
کہ اگر مجھسی ناحق صادر ہو تو مجکو قتل کرڈالیو اسسی صاف ظاہر ہی کہ جو
حق تھا سو ہوا یہہ سب ناحق الزام تراش بیہودلی ایمان کی ہی اور اگر
موافق قول شیعونکی تہی تو حضرت علی نے کیون اسقدر جلد جا کر بیعت
کی کہ کپڑی پہنی کی دیر نکی اور ابوسفیان کو جھڑک دیا اگر چاہتی تو
اوسی روز لڑتی لیکن چونکہ امر حق تھا کیونکر بیعت سی انکار کرتے

ذکر خلافت خلیفہ دوم خلیفہ دوم حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ

خسر جناب رسول خدا صلعم ہین اور نیز داماد جناب علی مرتضی
خلاصۃ الاخبار و روضۃ الصفا مین لکھا ہی کہ ششم بعث جناب
خیر البشر صلعم سی باتفاق جمہور اہل تاریخ حضرت عمر مشرف
باسلام ہوئی اس سبب سی ارباب توحید مستظہر وقوی خاطر ہوگئے
و مشرکان دل شکستہ اور انہون نے اوسی روز جناب نبوی صلعم
مین عرض کیا کہ یا رسول اللہ مناسب نہین کہ کفار لات و عزی
کو آشکارا پرستش کرین اور مسلمان قادر مطلق کی پوشیدہ
پرستش کرین حضرت سرور عالم صلعم باتفاق صحابہ مسجد الحرام
مین تشریف لیگئی اور نماز پڑہی آیۃ کریمہ یا ایہا النبی حسبک

حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اسپر نازل ہوئی تھی اور جناب رسالت
پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمرؓ کو فاروق لقب فرمایا حدیث شریف

اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلٰى لِسَانِ عُمَرَ وَقَلْبِهٖ هُوَ الْفَارُوْقُ فَرَّقَ اللّٰهُ بِهٖ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ
خلاصۃ الاخبار میں لکھا ہی کہ بیچ ۲۳ سنہ ہجری کی سلدیہ بن رسم لغیر مان حضرت
عمرؓ بالشکر فرخندہ اثر واسطے تسخیر دار الجرد فارس کی گئی وقت لڑائی کے مسلمان اُن
پر بسبب گھر جانی چاروں طرف سے بیچ کفار کی نہایت سختی واقع ہوئی اتفاقًا
اوس روز جمعہ تھا اور حضرت عمرؓ مسجد مدینہ میں خطبہ پڑھتے تھے حال اُن دونو
لشکر کا عالم باطن میں آپ پر منکشف ہوا ہمتی ہمت تقویت مجاہدین کے
مصروف فرمائی اور ندا کی یا ساریہ الجبل حق عز وعلا نی یہہ آواز بگوش
ساریہ اور سپاہ پہونچائی پس موجب بمودہ خلیفہ کی اونہوں نی اپنی
اپنی کو دامن کوہ میں کھینچا اور فتح حاصل ہوئی اگر یہہ ایسی ہوتی جیسا کہ شیعہ جانتے
ہیں تو یہہ باب ہرگز حاصل نہوتی اور کتب ہای تواریخ سے ظاہر ہی کہ کسقدر ملک
ان حضرت کی عہد خلافت میں فتح ہوئی اور قوت شوکت دین محمدی صلعم
کی بمرتبہ بلند پہونچی اور تخمینا چودہ ہزار شہر معہ توابع فتح ہوئے اور ثابت ہی کہ
نو کڑور آدمی مشرف باسلام ہوئی اسواسطے اُنکو مفتاح الامصار کہتے
ہیں اور چار ہزار مسجد تعمیر فرمائیں اور عبد الرحمن اُنکی لڑکی یعنی بیٹے نے
شراب پی تھی حکم حد یعنی درہ لگنی کا نافذ فرمایا مشہور ہی کہ تھلی

تمام ہونی حدسی عبد الرحمن نی انتقال کیا سو یہہ بات محققین کی تردید

غلط ہی اور مسطور سیر ہی کہ جب اشتداد درد لگ چکی تو اپکو حالت غشی

جاری ہوئی لوگون نی جانا کہ انتقال کیا خلیفہ نی بدریافت حالت غشی

جلد جلد حد تمام فرمائی چنانچہ بعد تمام ہونی حد کی عبد الرحمن نی

انتقال کیا روضۃ الصفا مین دربارہ اپکی خلافت نی لکہا ہی کہ عثمان

نی وقت اشتداد مرض ابوبکر حسب الحکم خلیفہ اول یہہ کلمہ لکہا کہ خلیفہ

بعد ابوبکر بعد اوسکی خلیفہ بیہوش ہو گئی حضرت عثمانؓ نی لمحہ توقف

فرما کر لکہا کہ عمر ہونگی جب حضرت ابوبکرؓ کو ہوش ایا تو کاغذ ہاتہہ مین

لیکر فرمایا کہ نام عمر کا کیسی لکہا حضرت عثمانؓ نی جواب دیا کہ مینی

لکہا ابوبکرؓ نی فرمایا جزاک اللہ خیرا و رحمک اللہ اگر نام اپنا بہی لکہتی

تو مضایقہ نہ تہا علی المرتضیؓ نی فرمایا کہ ہم سوای عمر کی راضی نہین ہین

کہ خلیفہ ہو ابوبکر دربارہ حضرت علیؓ دعای خیر زبان پر لائی اور

لکہا ہی کہ پہلی وصیت سی اعیان روزگار کہ اوسجکہ جمع تہی گمان

کرتی تہی کہ حضرت ابوبکرؓ بباعث قرب قرابت کی مسند خلافت

طلحہ کو عنایت فرماوینگی اور لوگون نی کہا کہ ای خلیفہ اس امر خطیر مین

تامل فرمائی کسواسطہ کہ قیامت مین خلفاء کو حال رعایا سی سوال ہوگا

حضرت علیؓ نی فرمایا کہ ہم سوای عمر کی کسی کی اطاعت نہین کرینگی

بخدا اسو گند کہ متحمل اس بار گران کا سوای عمرؓ کی ہم کسیکو نہین جانتی ہین
اور اوصاف حضرت عمرؓ کی بیان فرما کر حضرت ابوبکرؓ نے طرف دیکھا
یعنی توجہ کر کی کہا کہ ای خلیفہ پسندیدہ تمہارا پسندیدہ ہمارا ہے پہر سب
رخصت ہوی بعد تھوڑی دیر کی ایک جماعت مسلمانونکی آئی اور عرض
کیا کہ ہمنی سنا ہی کہ آپ نی عمر کو خلیفہ کیا ہی وہ تند خو و سخت گو ہین
قیامت کی دن جب خدا تعالی عتاب کریگا تو کیا جواب دوگی اور کونسا
عذر پیش کروگی ابوبکرؓ ان باتونسی بمرتبہ نہایت غضبناک ہوی اور فرمایا
کہ مین نی ہرگز اونکو اسطرح نہین دیکھا اور جبکہ غصہ فرو ہوا تو فرمایا کہ اگر
خدا تعالی مجھسی پوچھیگا کہ کسکو میری بندون پر خلیفہ کیا عرض کرونگا
کہ بہترین امم و متقی ترین آدم کو تیری بندون پر خلیفہ کیا اور وہ شخص
کہ جو رضای تیری اوپر رضای عالم کی مقدم رکھی اور اسقدر اوصاف
حمیدہ و اخلاق پسندیدہ عمرؓ کی بیان فرمای کہ وہ جماعت بھی ثنا
و ستایش کر کی برغبت تمام اونکی خلافت پر راضی ہوگئی اور سب نی
بلا تکرار بیعت کی کتاب روضۃ الصفا و خلاصۃ الاخبار مین لکھا ہی
کہ بیچ سنہ ۱۵ ہجری کی عمرو عاص نی بموجب حکم ابوعبیدۃ بن الجراح
سپہ سالار حضرت عمرؓ کی بیت المقدس کو محاصرہ کیا ارطبون لشکر
نی کہ ہرقل بادشاہ روم کیطرف سی حاکم تہا پیغام بھیجا کہ تمکو فتح اس شہر کا

کی میسر نہین ہوگی کسواسطے کہ مجکو معلوم ہوا کہ تم مین وہ اوصاف نہین
ہین کہ جو بیت المقدس فتح کرونگی وہ شخص اور ہے پس مناسب ہی کہ اپنی آپکو
اور تمکو ناحق رنج دینا کیا ضرور ہی جہانسی آئی ہو چلی جاؤ عمرو عاص نے سنکے
جواب ان باتونکا لکہہ کر ہاتہہ اوس شخص کے کہ جو زبان رومی سی
واقف تہا بہیجا اور حکم دیا کہ اونکو ظاہر نہو کہ یہہ شخص زبان رومی
جانتا ہی غرضکہ جب قاصد گیا تو ایک شخص نصاری نی ارطیون سے
پوچہا کہ اوس شخص کے کہ جو اس شہر کو فتح کریگا کیا اوصاف ہین او
کہا کہ اوسکی نام مین تین حرف ہین اور اوسکی نام مین کہ عمرو عاص ہی زیادہ حرف
ہین غرض قاصد یہہ بات سنکر چلا آیا پہر عمرو عاص نے عرضی اس مضمون
کی لکہہ کر حضور حضرت عمرؓ کی روانہ کی اور درخواست کی کہ آپ تشریف
لاوین کہ اپکی نام مین تین حرف ہین یقین ہے کہ بیت المقدس فتح
ہو جاوے بعد دریافت اس حال کی حضرت عمرؓ بیت المقدس کو روانہ
ہوئی اور حضرت علی المرتضی کو مدینہ منورہ مین خلیفہ کر گئی اور جب قریب
بیت المقدس کی پہونچی تو ابو عبیدہ سپہ سالار نی ایک اسپ عمدہ
سازدار اور کپڑی واسطے نذر خلیفہ کی لیکر استقبال کیا تو کیا دیکہتی
ہین کہ حضرت عمرؓ شتر کی مہار پکڑی ہوئی پیدل چلی آتی ہین اور غلام انکا
شتر پر سوار ہی بجواب سوال کی فرمایا کہ تہوڑی دور مین سوار ہوتا ہی

غلام پیدل چلتا ہے پہر اسی سوار کرتا ہون مین پیدل چلتا ہون پہر انہون
نے گہوڑا اور پارچہ پیش کئے آپ کپڑے پہنکر گہوڑی پر سوار ہوئے گہوڑی دور
چلی تہی کہ گہوڑی پر سے اوتر کر کپڑے اوتارے اور اپنے پہلے کپڑے کہ جو پہٹے
یعنی پوشیدہ اور میلے تہے پہن لئے اور اسی طرح شتر کی مہار پکڑکر
چلے ہر چند سب نے عرض کیا کہ آپ یہہ کپڑے نہ اوتارین کہ اسسے مسند
خلافت کو زیب و زینت ہوگی نمانا اور فرمایا کہ جب مین نے یہہ کپڑے پہنے اور
گہوڑی پر سوار ہوا تو مجہکو کچہہ غرور آگیا اس سبب سے میرے وہی کپڑے کہ
جنسے میرا خدا راضی ہے اچہے ہین ارطیون نصارا آپکی تشریف لانے
کی خبر سنکر بہاگ گیا اور شہر مسلمانونکے ہاتہہ آیا اور جبتک حضرت
عمرؓ بیت المقدس سے مصر کو فتح کرتے ہوئے واپس تشریف لائے حضرت
علیؓ نے کار خلافت کیا بر وقت آنے خلیفہ کے خلافت سپرد حضرت عمرؓ
کی فرمائے اپ خیال کرنا چاہئے کہ آپکے کسقدر عمدہ فضائل موجود ہین
اور خلیفہ ہونا انکا حضرت علیؓ کے اقرار بلکہ اصرار سے ثابت اور اہل تواریخ
جو بیان کرتے ہین وہ بہی مذہب شیعہ رکہتے تہے اور موافقت باہم گر
واضح اگر یہہ موافقت بقول اہل تشیع براہ تقیہ تہی تو بہی نہایت
عمدہ موقع واسطہ متصرف ہونے خلافت پر ہاتہہ لگا تہا یعنی بہر حضرت
عمرؓ کو دخل نہ دیتے اور کتب تواریخ مین ہزارون حالات اسطرح

کی موجود ہین کہ دیکھنی اور پڑہنی سی معلوم ہوتی ہین اور ایسی شخصون پر کہ
جنکو مطلق نفسانیت یا رغبت طرف دنیا دون نہ تہی اتہام غصب
خلافت یا باغ فدک کا کرنا شیعونکی بی عقلی کی دلیل ہی اور خلافت
حضرت عمر کا یہہ حال ہی حضرت فرید الدین عطار قدس اللہ سرہ العزیز
فرماتی ہین **قطعہ** چون عمر پیش اویس آمد بجوش ✣ گفت کافکندم خلافت
را زدوش ✣ گر خلافت را خریداری بود ✣ میفروشم گر بدیناری بود ✣
پند بہرم را بجو بر دوشستی ✣ میشدی در شہر رہ میخواستی ✣ سرکہ بودی با نمک بر خوان او ✣
نہ زبیت المال بودی نان او ✣

ذکر خلافت خلیفہ سوم

خلیفہ سوم
حضرت عثمان غنی داماد جناب پیغمبر خدا صلعم کی ہین کتاب بدء الاخبار
و بحر العلوم مین لکھا ہی کہ حضرت رسالت پناہ صلعم نی معراج مین ساتون
آسمانون پر حضرت عثمان کو دیکھا آپ نی ارشاد فرمایا کہ مین نی پہلی
آسمان پر پوچھا کہ تم یہان کیونکر آئی جواب دیا کہ بسبب شب بیداری
دوسری پر ورد مدام سورہ اخلاص سی تیسری پر صحبت آپکی دختر
سی چوتہی پر آپکی صحبت سی پانچوین پر آپکی مسجد کی شرف سی چہٹی پر احتمال
محنت و رنج سی شرم کی باعث ساتوین پر بس بڑا افسوس ہی
کہ جنکا یہہ رتبہ عالی و قرابت سید الابرار صلعم ہو شیعہ اون پر تبرا
کہین اور دعوی دین محمدی صلعم اور امید دخول بہشت بالعوض

ایسی فعل مردود کی رکہنی ہین خلاصۃ الاخبار و روضۃ الصفا مین لکہا ہی کہ
جب فاروق اعظم ابو لؤلؤ غلام کی ہاتہہ سی زخمی ہوئی صحابہ کرام نی
امید زندگی کی منقطع کرکی واسطہ تعین خلیفہ کی عرض کیا فاروق اعظم
نی فرمایا کہ لایق اسکام کی چہہ آدمی ہین علیؓ و عثمانؓ و سعد بن ابی وقاص
و طلحہ و زبیر و عبد الرحمن بن عوف مناسب یہہ ہی کہ ہر شش بزرگ انمین
ایک کو خلیفہ کرین اور عبد الرحمن جس طرف ہو اوس طرف کو ترجیح ہی غرض بعد
دفن امیر المومنین عمرؓ کی عبد الرحمن نی حضرت مرتضیؓ سی پوچہا کہ آپکی
رضا کسکی خلافت پر ہی فرمایا عثمان اور عثمانؓ نی بہی یہی فرمایا کہ بخلافت
علیؓ اور درمیان طلحہ و زبیر و عبد الرحمن کی بہی ایسا ہی ہوا کہ طلحہ نی عثمانؓ
کو زبیر نی علیؓ کو اختیار کیا اور اکثر عظما دین انہین دو کی خلافت پر مائل
تہی روز چہارم انتقال خلیفہ سی بعد نماز صبح عبد الرحمن نی پہلو منبر پر
کہڑی ہو کر کہا کہ ای اصحاب شوری تقرر خلیفہ میری رای پر مفوض ہی
یا نہین سب نی اقرار کیا عبد الرحمن نی کہا کہ جسی المقدور مستحق خلافت
کو خلیفہ کرونگا بعد اسکی حضرت علیؓ کو پاس طلب کرکی کہا کہ ای علی تم
شرط کرتی ہو کہ اگر ہم تم سی بیعت کرین تو بحکم خدا و سنت مصطفی و سیرت
شیخین پر عمل کروگی آپ نی فرمایا کہ بحسب مقدور سعی کرونگا پہر حضرت
عثمانؓ کو بلا کر یہی سوال کیا اور یہی جواب پایا عبد الرحمن نی کہا ای

خدا تجکو گواہ کرتا ہون کہ مین نی عثمانؓ کو والی امر مسلمانونکا کیا بیعت
کی اور سب آدمیون نی اوٹہہ اوٹہہ کر بیعت کی لیکن علیؓ اوسیطرح اپنی جگہ
پر بیٹھی رہی عبدالرحمن نی کہا کہ یا علیؓ من نکث فانما ینکث علی نفسہ
تو حضرت علیؓ نی بہی اوٹہہ کر بیعت کی لیس اس قسیطرح کی ناراضگی جناب
علی مرتضیٰ کی اور غصب کرنا خلافت کا عثمانؓ کی طرفسی نہین پایا جاتا
بلکہ حضرت علیؓ نی خود عثمانؓ کی خلافت کو کہا اور عمل کرنیکا سیرت شیخین
پر جو اقرار کیا تو بخوبی واضح ہوا کہ سیرت شیخین کی بجا اور درست تہی ذکر
خلافت خلیفہ چہارم خلاصۃ الاخبار مین لکہا ہی کہ جس زمان
مصری قصد و فساد اوٹہاتی امیر المومنین عثمانؓ حضرت علیؓ سی صلاح کرتی
تہی اسکی موافقت دو لوگونکی ظاہر آخر کو اوباشون مصری حضرت
عثمانؓ کی گہر کو محاصرہ کیا تب علی المرتضیٰ نی چند مشک آب بہت کوشش
سی اپکی گہر مین بہجوائین اور واسطہ رفع اس شورش کی کوشش بلیغ فرمائی
لیکن لوگ اندر گہر کی گہس گئی اور حضرت عثمانؓ کو شہید کیا خون
آپکا اس آیۃ شریف پر بسبب تلاوت کلام مجید کی پڑا قولہ تعالی
فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ + بعد تین روز کی مصریون
نی خدمت جناب امیر المومنین علیؓ کی جاکر واسطہ خلافت کی التماس
کیا آپ نی فرمایا اس بات مین مہاجر و انصار کو اختیار رہی مصریون نی

بجد

بخدمت اکابر صحاب جاکر عرض کیا سب نے انکو متفق اللفظ واسطہ خلافت
کی کہا فرمایا کہ بغیر حضوری طلحہ و زبیر کی نہیں ہو سکتا بعد اوسکی یہہ
دونو بھی حسب الطلب آئی آپ نے فرمایا کہ مجھکو خلافت منظور نہیں
تم میں سے جسکو رغبت ہو میں متابعت کرون دونو نے کہا کہ باوجود ہونے
آپ کے ہمکو تمنا اس امر کی نہیں اول طلحہ نے بیعت کی پہر سب نے بیعت کی

ذکر خلافت خلیفہ پنجم حضرت امام حسن علیہ السلام بعد شہید

ہونے حضرت علی المرتضی کے سب بزرگون نے آپ سے بیعت کی آپ نے
چہہ مہینے خلافت کر کے معاویہ کو کئی شرطون پر چہوڑ دیئے بموجب حدیث
شریف سرور کائنات صلعم پس اس سے معلوم ہوا کہ خلافت خلفاء ثلاثہ بموجب
ارشاد عالی مخبر صادق صلعم حق تہی اور یہہ ہی دلیل واسطہ رد تقریرات
بے سرو پا شیعون کی کافی ہے لیکن شیعہ باوصف جاننے ان سب باتوں کے
یہہ بھی کہتے ہیں کہ حضرات موصوفہ نے خلافت غصب کی صاحبان ناظرین اس
رسالہ کی نظر انصاف سے ملاحظہ فرماوین کہ ان بزرگوارون کیطرف
سے کوئی امر نا موزون نہیں ہوا اور اگر حق حضرت علی المرتضی اسد اللہ الغالب
کا تلف ہوتا تو صرف جناب پیغمبر خدا صلعم نے انتقال فرمایا تہا بعد
ارکین اسلام یعنی صحابہ و مہاجرین و انصار کہ انکو ہرگز طمع دنیا دروغ
ورعایت کسی اپنی یا بیگانی کی نہ تہی اور یہہ بات ثابت ہے ہر گاہ جو دے

اگر خلفاء ثلاثہ یعنی شخص امر باطل پر قایم ہوتی تو یہہ سب جماعہ کثیر یعنی
لکہو کہا مردم کیون منحرف ہو جاتی اور ظاہر ہی کہ ریاست بدون
اتفاق کل و رضامندی خاص و عام نہین ہو سکتی علاوہ اسکی آپ علیکی
توکری گوہا تہہ نہ آیا مثل فدک کہ جناب سیدۃ النساء فاطمہ نے دعوے
اپنی حق کا فرمایا اور بعد دریافت ہونے اوس دعوی خلافت پیچ سے دست
بردار ہی فرما گئے اور شیعہ جو تاویلات اسمقدمہ مین کرتی ہین ممکن نہین جو
آپ اسکو ناحق جانکر چپ ہو رہتی اور دعوی نفرمالی اور کوئی ساتہہ
آپکا نہ دیتا اور آپ بیعت خلیفہ ثلاثہ کہ ناحق تہے فرماتی جیسا کہ معاویہ سے
جناب علی و امام حسن و حسین نے یزید سے بیعت نکی اور واسطہ طلب
خلافت کی جنگ ہائی دلیرانہ کین و اکثر اماموں نے واسطہ طلب خلافت
کی جسکا ذکر طویل ہی خلفاء بنی امیہ و عباسیہ سے لڑائیان کین ہین ایسے ہی
حضرت علی بہی خلفاء ثلاثہ سے کرتی جو کہ یہہ امر نہین ہوا اور بکمال اتفاق
ان کا مذکورہ بالا سے ظاہر تو ثابت ہی کہ خلافت خلفاء ثلاثہ
حق تہی اور آیات و احادیث دالہ اوپر فضایل جناب حضرت امیر
و اہل بیت کہ اہل سنت و جماعت نے چہانٹ کر مقابلہ مین خوارج
و نواصبت کی کہ جناب حضرت امیر المومنین و اہل بیت کو لعن و طعن
کرکی وغیرہ شقاوت کا واسطہ اپنی جمع کرتی تہی تحریر فرماکی

نہیں غرض تو شیعہ براہ سادہ لوحی اپنی ادلہ و دلایل کو چوری کرکے بمقابلہ
اہل سنت و جماعت میں واسطہ ثابت کرنے دعوی امامت حضرت امیر کی
وارد کرتے ہیں خلاصۃ الاخبار میں لکھا ہے کہ اوسی عصر سے تبرا کہنا اور حضرت
علی و اہل بیت کی خطبہ میں عہد خلفاء مروانیہ میں چلا آتا تہا خلیفہ عمر عبدالعزیز
مروانی نے چاہا کہ اس امر شنیع کو موقوف کرے خلیفہ موصوف نے
نہایت دانائی سے ایک یہود کو چند باتیں فہمائش کیں اسپر یہود
مذکور نے دربار میں آکر حسب ایماء خلیفہ درخواست شادی کی دختر خلیفہ
سے کی خلیفہ نے جواب دیا کہ یہہ امر نہیں ہو سکتا کسواسطہ کہ تو دین اسلام
سے بیگانہ ہے یہودی نے کہا اسمین کچہہ قباحت نہیں کسواسطہ کہ تمہارے
پیغمبر نے بہی علی ابن ابی طالب سے اپنی دختر کی شادی کی تہی خلیفہ
نے فرمایا کہ علی رضی اللہ تعالی عنہ از جملہ عظماے ملت محمدی صلی اللہ علیہ
و آلہ وسلم تہے یہودی نے کہا اگر یہہ بات ہے تو اونکو برا کیون کہتے
ہو خلیفہ نے سب ارکان سلطنت کی طرف دیکہا اور فرمایا کہ
اسکا جواب دو سب نادم ہوئے تب خلیفہ نے فرمایا کہ آپ سے کوئی
شخص ایسے حرکت نکرے لیکن یہہ رسم برا کہنے حضرت علی و اہل
بیت کی اب بہی قوم خوارج و نواصب مین جاری ہے مگر خلیفہ نے خطبہ سے
اور اکثر لوگونکی زبان سے یہہ امر موقوف کیا اور نیکنامی دارین

حاصل کی وعلی ہذا القیاس ایسا ہی حال حضرت عثمانؓ کا سمجھنا چاہیے
بلکہ انکا دو صاحبزادیونسی نکاح ہوا اور اگر حضرت عمرؓ ایسی تہی جیسے
شیعہ جانتی ہین تو حضرت علیؓ نے کیون شادی انکی اپنی دختر سے کی
تہی اگر شیعہ یہہ جواب دین کہ اونکو یہہ حال معلوم نہ تہا لاعلمی سے یہہ
امر واقع ہوا تو ہم کہتی ہین کہ یہہ عذر انکا غلط ہی کس واسطے کہ
شیعونکی نزدیک علم کان وما یکون کا یعنی کل حال حال واستقبال
امامونکو حاصل ہوتا ہی اور آپ تو سردفتر کل فرقہ امامونکی تہی بلکہ نزدیک
شیعہ غلاۃ خدا تہی اور واضح ہی کہ بزرگون کو خلافت سی کیا فایدہ
تہا کہ در حالت خلافت اپنی ہاتہہ سی محنت مزدوری کرکی کہاتی پیتی
اور موافق عام لوگونکی رہتی تہی یہہ جاہ وحشم مثل سلاطین دنیا
دوست نہ تہا چنانچہ نقل حضرت عمرؓ مشہور ہی کہ کبہی کام گلکاری
کا کرتی تہی اور کبہی لکڑی جنگل سی کاٹ کر بوجہہ سر پر رکہہ کر
سر بازار لاکر فروخت کرکی کہاتی تہی اور بہت نقلین اسطرح
کی ہین اونکا باعث طول ہی اور جو شیعہ دلیل بغض بعض امور سے
کہ اوسی آزردگی فیما بین ان بزرگان دینی کی باہمی جانشین کہتی
ہین لاتی ہین فی الحقیقت جیسا آدمی آپ ہوتا ہی ویسا ہی اورونکو
جانتا ہی حالانکہ یہہ بزرگ خلاصہ موجودات تہی ان توہمات خیالی

فاسد کا وہان کیا کام اور قطع نظر اسکی اکثر آزردگی درمیان بزرگان باعتبار
امور دنیا واقتضای بشریت بہت ہوتی ہین درود و طرف بسبب اس
آزردگی کے اپنی درجہ سی نگذری اور مستحق تحقیر واہانت کی نہوئی چنانچہ در
میان حضرت یوسف علیہ السلام وبرادران اونکی آزردگی ہوتی اور
درمیان حضرت موسیٰ علیہ السلام وحضرت ہارون علیہ السلام کہ بروقت
گوسالہ پرستی امت کی حضرت موسیٰ نی ریش حضرت ہارونؑ کی کہ برادر
کلان تہی پکڑی اور بال سر کی کہینچی کہ دونو حال کلام مجید مین موجود ہین
کتاب بحر المناقب مین کہ معتبر کتاب شیعہ کی ہی لکہا ہی کہ جناب رسالت
پناہ صلعم بخانہ حضرت فاطمۃ الزہرا تشریف لیگئی حضرت علیؑ کو نہ دیکہا فرمایا
کہ ابن عم میرا کہان ہی حضرت فاطمہ نی عرض کیا کہ درمیان میری او
اونکی مغاضبہ یعنی ناخوشی ہوگئی اس سبب سی باہر گئی اور اس جگہ قیلولہ
کیا بعد اسکی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد مین تشریف لیگئی دیکہا
کہ جناب مرتضی زمین پر لیٹی ہوئی ہین اور موہنہ وسر آپکا خاک مین بہرا ہوا تہا
فرمایا قم یا ابا تراب قم یا ابا تراب **چوتہی** ابو مخنف لوط ابن یحیی کہ
عمدہ پیشوای شیعہ امامیہ کا ہی لکہتا ہی کہ حضرت امام حسن علیہ السلام کی
جو صلح معاویہ سی کی ہی اسکو حضرت امام حسینؑ مکروہ جانتی تہی پس
ظہور ان امور کا باقتضای بشریت ہی ہرگز موجب فسق یا طعن کا نہین ہی

ہوتا اور عصمت میں خلل نہیں آتا اور ایسی ہی بعض بعض اماموں میں بھی
دعوی امامت پر باہم تکرار ہوتی اور نوبت ارتکاب کبائر کی پہونچی کہ سابق ہو
لکھا گیا اور سنی و شیعہ کی نزدیک ان بزرگان کی ذمہ پر یہی الزام
نہیں رکھتی اور مناقشہ جو فیما بین حضرت امام جعفر صادق و عبداللہ بن حسن
مثنی واقع ہوتی کتابوں شیعہ امامیہ اثنا عشریہ میں بھی موجود ہیں ملا محمد
رفیع واعظ شیعہ نی بھی ابواب الجنان کی کلینی سی نقل کی ہی اور
صحابہ کرام کو کہ ساتھہ حضرت امیر و حضرت فاطمہ کی باب فدک وغیرہ پر رد
واقع ہوتی نہیں اسی قبیل سی تہیں اور فرقہ شیعہ کی کل اقوال سب مقدموں میں
ایسی ہی ہیں چنانچہ کہتی ہیں کہ بعد وفات جناب پیغمبر صلعم وحی جناب علی
مرتضی کی طرف آتی تہی اور حضرت فاطمۃ الزہرا کی طرف بھی
وحی آتی تہی اور قران فاطمہ مشہور ہی اور ایک نسخہ بھی اوس وحی یا
قران فاطمہ سی شیعوں کی پاس موجود نہیں ہے اور صاف دروغگوئی ایسی
ظاہر ہی **اول** احکام الٰہی کا فر کہنا صحابہ و خلفا ثلثہ و چند
امہات المومنین کہ احتساب ازواج سوی پیغمبر صلعم نہیں جلاء العیون
لکھا ہی کہ بروز چہار شنبہ دوم شہر صفر سنہ ہجری میں بیچ گہر ام المومنین
میمونہ کی جناب سرور عالم صلعم کو درد سر ہوا اور سب ازواج مطہرات
وہاں تشریف لائیں آپ نی چند مرتبہ فرمایا کہ این انا غدا یعنی میں کل

کو کہاں رہو نگا سب امہات المومنین کی جانا کہ مقصود سید المرسلین یہہ
ہی کہ حالت بیماری مین بیچ گہر حضرت عائشہ صدیقہ کی ہین اس سبب
سی حضرت عباسؓ و علی مرتضیٰ انکو بیچ گہر حضرت عائشہ صدیقہ کی
لیگئی اور بعد انتقال کی بہی اوسی گہر مین دفن فرمایا اور ازواج مطہرات
کی حق مین اللہ تعالی فرمائی ہین قوله تعالی النبی اولی بالمومنین من انفسہم
وازواجہ امہاتہم **دوم** تفضیل یعنی عشرہ کہ داماد حضرت علیؓ کی
ہین اور نیز ذکر اللہ جلشانہ کی باوجودیکہ کلام مجید مین فرمایا ہے الذکر
اللہ اکبر **سوم** طعن اعظم مہاجرین و انصار و خلفاء ثلاثہ و اکثر عشرہ
مبشرہ مثل طلحہ و زبیر و عائشہ و حفصہ بعد نماز پنجگانہ واجب جانتے
ہین شیعہ جس حالت مین سوئے اختفا در جناب خالق جلشانہ رکہتی
ہون اور حضرت آدم علیہ السلام و جملہ انبیاء و بعضی جناب محمد
الرسول اللہ صلواۃ اللہ علیہم اجمعین کو اور ملائکہ مقربین کو برا کہتی ہین
خلفاء الراشدین و ازواج مطہرات پر کیا موقوف ہی جو چاہین سو کہہ دیں
چہارم مقرر کرنا عید غدیر کا ہی یعنی ہجدہم ذی الحجہ اور
اس عید کو افضل عید الفطر و عید الضحی سی جانتی ہین اور نام
اسکا عید اکبر رکہتی ہین کہ خلاف شرع ہی **پنجم** مقرر کرنا عید
بابا شجاع الدین کہ نزدیک اونکی نام لولو کہ مخبوس سے نائل

حضرت عمرؓ کا ہی یعنی روز نہم ربیع الاول اور روایت کی ہی علی
ابن مطاہر الواسطی نی احمد بن اسحاق سی کہا کہ آجکی دن یوم عید اکبر اور
مفاخرہ اور یوم زکاۃ عظمی اور یوم برکت ہی اور ہی احمد بن اسحاق
اول وہ شخص ہی کہ جس نی بیچ اسلام کی عید نئی پیدا کی پیچہی اور لوگ
تابع اوسکی ہونی پہر اس عید کو بہی قتل دیگر اخبارات واہی نسبت
ساتھہ اماموں کی کہا اور در اصل یہہ عید مجوسیوں کی ہی کہ باستماع خبر قتل
حضرت امیر المومنین عمر فاروقؓ مجوسی کی ہاتھہ سی کمال فرحت اور شادمانی
اور انکو خبر قتل کی اس تاریخ پہونچی تھی والا قتل حضرت عمرؓ ۲۶ ذی الحجہ
اور دفن آپکا غرہ محرم اور آیۃ شریفہ اعنی قولہ تعالی من کان عدوا لله
وملائکتہ ورسلہ وجبرئیل ومیکائیل فان الله عدو للکافرین مین یہہ
بات ہی کہ قوم یہود حضرت جبرئیلؑ سی دشمنی رکھتی تھی وجہ اسکی کئی ہین
لیکن جس حالتمین ملائکہ کا لفظ آچکا تھا پہر کچہہ چندان ضرورت ذکر
نام حضرت جبرئیل ومیکائیل کی نہ تھی لیکن ذکر انکا بنظر ترتب منزلت انکی
کہ مرتبہ انکو نہایت بلند ہی اور یہہ کہ بالخصوص دشمنی انکی موجب دشمنی خدا
کا ہوتا ہی لیکن ذکر فرمانا نام میکائیلؑ کا اگرچہ یہود کو ساتھہ انکی
دشمنی تہی اسمین ایک نکتہ ہی کہ جبرئیلؑ ومیکائیلؑ باہم بیچ اتحاد
مرضی واطاعت پروردگار اپنی کی حکم یکجان ودو قالب کا

رکھتی ہین کہ میکائیل اشارہ فرمایا ہے اور اثبات کی کہ عداوت جبرئیل لعینہا عداوت میکائیل کی ہی اگرچہ ساتھہ زبان کی نہ کی اور اپنی آپکو دوست میکائیل کا جانتی ہین مثل فرقہ روافض کہ عداوت خلفاء ثلاثہ سی رکھتی ہین اور زبان سی اپنی آپکو دوستدار خلیفہ چہارم کا جانتی ہین حال آنکہ عداوت تینون خلیفہ کی لعینہا عداوت خلیفہ چہارم کی ہی چنانچہ کسو بزرگ نی فرمایا ہی

رباعی

ربط خلفاء اربعہ ہست ازلی ✣ گفتن ز خلاف شان شود شرک جلی ✣ اندر این نکتہ طفل ابجد خوان ہم ✣ گز وصل سہ منفرد نست ترکیب علی ✣

حسن صباح شیعہ حمیری

فی سنہ ہجری مین خروج کرکی قلعہ الموت پر قبضہ کیا اور جہاں اعتبار شاقہ مردمان قزوین و طبریہ و کوہستان کو دام زور مین لایا کہ معتقد اوسکی ہوئی اور سنی مذہب تنزار یہ ظاہر کیا اور ردی پہلی ابتدا مسلمین اہل سنت و جماعت کی ہوئی اور تشیع اپنونکو کہا کہ شہرون اسلام مین جاکر علماء و امراء وغیرہ اہل سنت و جماعت کو جس حیلہ سی ہوسکی مار ولیں کوئی طالب علم اور خدمتگار بنا اور جماعت کثیر علماء و امرا اہل سنت و جماعت کو قتل کیا سبب اوسکی یہ تھی اجل کی مسمی کیا کو خلیفہ اپنا کرکی واصل جہنم ہوا

نظم منطق الطیر

و رکھنی تکذیب اصحاب رسول ✣ بقول پیغمبر نگردی قبول ✣ گفت ہر یاریم نجم رہ و شن است

بهترین قرنها قرن من هست + بهترین خلق یاران من اند + اقربا و دوستداران
من اند + بهترین چون نزد تو باشد تبر + کی توان گفتن ترا صاحب نظر +
اور ذات جناب علی مرتضی کی وه تهی + چونکه آن بدبخت آخر از قضا
ناگهان زخمی بزد بر مرتضی + مرتضی را شربتی کردند راست + مرتضی گفتا
که خونی من کجاست + شربت او را ده نخست آنگه مرا + زانکه او خواهد
بدان بهره مرا + شربتش بردند گفت انیست قهر + حیدر اینجا خواهدم کشتن بزور
مرتضی گفتا بحق کردگار + گر نخوردی شربتم آن نابکار + من نخوردمی
لب او بهم + پیش حق در جنت الماوی قدم + مرتضی را چون نگشت آن غم ز دل
مرتضی بی او نخواهد شد در بهشت + آنکه چندین نیش غم دشمن بود + با چنین دشمن بجز
چون طمع بود + چند گوئی مرتضی مظلوم بود + در خلافت راندن محروم
بود + چون علی شیر حق هست و تاج سر + ظلم نتوان کرد بر شیر
ای پسر +

ذکر چهاردهم در بیان متعه شیعه

متعه کو فرض اور افضل عبادات کا ساری خیال سی جانتی هین اور وه
کیا هی مثلاً ایک عورت کی ساتهه ایک رات یا زیاده کا متعه کر لیا
اور خرچی اوسکی دیدی تو اس فعل کو حلال مثل نکاح سمجهتی هین اور صورت
متعه دوریه کی شیعونکی یهان درست هی یعنی ایک جماعت مجتمع هوکر
کی ایک عورت سی متعه کری اور سب آدمی اوس عورت کی پاس بطور

دورہ جاوین تو وہ عورت سبکی واسطے حلال ہی اگرچہ شیعہ امامیہ اثنا عشریہ
اس زمانہ کی اس طرز کا انکار کرتی ہین لیکن محققین انکی لکھتی ہین
فی الحقیقت حیا وغیرت کا کیا کام یہہ مقام داخل خارج فرقہ ہای شیعو نکا
ہی گویا دفتر کلکڑی ہی علاوہ اسکی شرع شریف مین وطی کرنا موطوء
پدر و پسر بہ متعہ یا نکاح و وطی خسر و دختر دختر و دختر پسر و خواہر و
دختر خواہر سوای اسکی جو اور اس قسم کی عورتین حرام مین اور ظاہر
ہی کہ ایک مہینی تک بلکہ زیادہ اس سی حال حمل کا معلوم نہین ہوتا
خصوصاً جو متعہ سفر مین واقع ہوا اور سفر بہی دراز ہوا اور ہر منزل
یا اکثر مین اتفاق متعہ جدید کا ہوا اور اس عرصہ مین عورت حاملہ
ہوتی تو یہہ معلوم نہین ہوسکتا کہ حمل کسکا ہی اگر دختر پیدا ہوئی
اور حمل او سکا نہ پدر کو نہ دختر کو بہر بعد شش سال وہ شخص مالک اوسکا
یا برادر اونہین متعہ لو نمین آوتی اور حسب الحکم مذہب اپنی مکرر مرتکب
متعہ یا نکاح کا ہو تو کیا خوب تماشا ہی وہ ہی دختر وہی جورو قطع نظر
اسکی متعہ زنان کی واسطے بہترین عبادات اور افضل اطاعات
جانتی ہین میر فتح اللہ شیرازی نی تفسیر مین نیچی اس آیہ شریفہ

قولہ تعالی فَمَا اسْتَمْتَعْتُم بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً
ابن بابویہ پیشوای شیعہ سی نقل ہی کہ وہ حضرت امام جعفر صادق

علیہ السلام سی روایت کرتا ہی کہ اگر کوئی کسو عورت کی ساتھہ
متعہ خالصاً لوجہ اللہ کری تو حق عزوجل تمام گناہ اوسکی معاف
فرماوین اور جو غسل کری اللہ تعالی بعدد ہر موئی تن کہ پانی اوسپر
گذری مغفرت و رحمت عطا فرماوین اور اسی تفسیر مین جناب
سرور کائنات صلعم سی روایت کرتا ہی کہ جو شخص دنیا سی باہر
جاوی اور متعہ نہ کیا ہو او روز قیامت کو بدہیئت و بدشکل یعنی
بینی بریدہ ہو گا پس بموجب اس روایت کی معاذ اللہ حضرت
انبیاء علیہم السلام و کل امام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین لی بیچ
نزدیک یعنی کل فرقون اہل اسلام کی نزدیک ثابت ہی
کہ انہون لی متعہ نہین کیا اس فضیحت مین شامل ہون اور نیز
تفسیر مذکور مین جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سی روایت
کرتا ہی کہ جس شخص لی ایک دفعہ متعہ کیا درجہ اوسکا حضرت امام حسین کا اور جسنی
دو بار کیا درجہ اوس کا حضرت امام حسن کا اور جسنی تین بار متعہ کیا درجہ اوسکا مثل حضرت
علی مرتضی کی برابر اور یہہ بھی تماشا ہی کہ کل انبیاء علیہم السلام
کا درجہ جناب علی مرتضی کی برابر نہو اور تین متعہ یعنی تین حرام
کرکی درجہ آپکی برابر ہو جاوی دروغ گو را حافظہ نباشد اور
جسنی چار متعہ کیتی درجہ اوسکا جناب محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کا کہ خاتم المرسلین اور سید المرسلین حاصل ہو جو فرقہ گمراہ شیعہ ہیں یہہ فعل شنیع انمین
جاری ہی اور اکثر اس فرقہ کی لوگ اس بلا میں مبتلا ہیں ایسی ہی ظاہر ہوتا ہی
کہ یہہ ان حضرات کے مقرر نہیں فرقہ شیعون میں بطفیل اس فعل متعہ کی بہت
محمد رسول اللہ اور بہت علی مرتضیٰ اور بہت امام حسن اور بہت امام حسین ہوتے
اور جو قرب قیامت کا ہوتا جاتا ہے اور فسق فجور کی زیادتی ہوتی جاتی ہے تو
یقین ہی کہ اب اس رتبہ کی لوگ بنسبت زمانہ سابق زیادہ پیدا ہونگی تو قوم
شیعہ میں بڑی رونق ہو جاوی گی ایک شخص افغان ظریف نی کہا جاتا ہے
کہ تو اب پانچ بار متعہ کرنی کا مرتبہ خدای کا قرار دیتی ہو یہہ عاصی عرض کرتا ہے
کہ اگر متعہ ایسی عمدہ چیز ہی کہ جیسا یہہ فرقہ واسطہ حلال کرنی حرام اور زنا
روای اپنی قوم کی لکھا ہی تو کیا ضرور تہا جو اللہ تعالی نی واسطہ نکاح ایسے
شی عمدہ چہوڑ کر حکم فرمایا اور واضح ہی کہ جب سے جہان پیدا ہوا اب تک
سوای نکاح کی متعہ کا حکم کسو شریعت میں یا دیگر مذاہب میں نہیں جاری
نہیں ہوا البتہ یہہ بات تو ہی کہ ہر روز سے آفرینش سے تا ہنوز کل اقوام بنی نوع
انسان میں طور نکاح جاری ہے نہ متعہ تعجب ہی کہ اگر شیعونکی نزدیک
متعہ فرض اور ایسی افضل عبادات ادا کا ہی تو مرد واسطہ اپنی نفس کی لیتے
ہین بہن واسطہ مستورات متعلق اپنی اس نعمت عظمی وثواب سی محروم
رکہتی ہیں اور بزرگون نی کہا ہی **قول** انچہ بر خود نہ پسندی بر دیگر مپسند

ذکر باب پانزدہم در مسایل شیعہ فقہ شیعو کی عجب تماشہ کی ہی
سچ ہی جیسا مونہہ ویسی اپات چند مسایل بطور نمونہ لکھی جاتی ہین **مسئلہ**
اگر آدمی نماز مین ہو اور پاد یعنی گوز اوسکا نکل جاوے تو نماز نہین جاتی **مسئلہ**
اگر آدمی نماز پڑہتا ہو اور اوسکا گوشت وغیرہ کوئی جنگلی جانور کہاتا
جاتا ہو تو نماز ٹوٹتی نہین بفاصلہ دس قدم چلا جاوے اور سنگو اگر نماز مین آجاوے
تو نماز مین کچہہ خلل نہین آتا **مسئلہ** اگر آدمی بالکل برہنہ ہو صرف تہوڑی مٹی
شرمگاہ اور فوطون پر لگائی تو نماز درست ہی حالانکہ ستر عورت فرض ہی
مسئلہ اگر حج مین زنا واقع ہو تو حج مین نقصان نہین آتا **مسئلہ** نماز نفل مین جس
طرف چاہی مونہہ کرکی نماز پڑہی کچہہ قبلہ کی طرف ضرور نہین
لیکن یہ مسئلہ سوار و سفر کا بموجب حدیث جناب پیغمبر صلعم آئی علحدہ ہی
نہ کہ بلا عذر **مسئلہ** اگر کسی مکان مین نجاست انسان کی خشک
پڑی ہو کہ کپڑی و بدن پر لگی نماز بعین جگہ درست ہی حالانکہ طہارت مکان
بہی نماز مین شرط ہی **مسئلہ** اگر کوئی شخص دونو ہاتہ تازہ اور دونو
ہاتہہ بلکہ بدن جو کچہہ پاخانہ مین غوطہ دی کہ اوسمین پاخانہ و پیشاب انسان کا
ہوتا ہی جو کچہہ بدن پر لگجاوی اوسکو بدون دہونی کی دور کردی نماز
جائز ہی اور ظاہر ہی کہ اللہ تعالی نی پانی کو ایسی ہی کامونکی
واسطہ پیدا کیا ہی **مسئلہ** اگر کوئی شخص نماز پڑہ چکی پہر اوسکو معلوم

ہو گر گوہ خشک انسان یا جانور یا منی و خون و مثل اسکے بہمین لگ رہا ہی نماز
جایز ہی **مسئلہ** اگر پیشاب کرکی تین دفعہ ذکر یعنی شرمگاہ کو مرد اپنی جہٹکے
دی اور پہر قطرہ آجاوی تو پاک ہی **مسئلہ** شیعونکی نزدیک وضو ہونا
تمام موتہہ کا وضومین ضرور نہین اور شرط نہین حالانکہ کلام مجید مین
اللہ تعالی نی فرمایا ہی فاغسلوا وجوہکم یعنی دہوؤ منہ اپنا اور دہونی کی مقرر کیا
ہی کہ جو کچہہ درمیان سر انگشت یعنی انگوٹہا اور انگشت میانہ جسکو بیچکی
انگلی کہتی ہین آدمی پیشانی سی نیچی تک پہنچی اور امام موسی نی روایت کر لی
ہین **مسئلہ** بیچال مرغ پاک ہی **مسئلہ** نماز مین اگر تشنگی لگی تو پانی
پینی جایز ہی **مسئلہ** اگر نماز مین عورت خوبصورت کو بغل مین کہینچی اور شرم
گاہ اپنی عورت کی شرمگاہ سی مقابل کری اور مذی جاری ہو
تو بہی نماز جایز ہی سند اسکی یہہ ہی کہ ذکر کیا اسکو طوسی ابو جعفر
وغیرہ پیشوایان شیعہ نی **مسئلہ** اگر نماز پڑہنی والا حالت نماز
مین اپنی خایہ و ذکر سی بازی کری کہ لعوظ ہوا اور مذی بہی جاری
ہو نماز مین کچہہ خلل نہین آتا **مسئلہ** اگر کسو آدمی کو کام ہو اور اسکو پانچون
وقت کی نماز اکہٹی پڑہ لی معلوم ہو کہ قضا نہین ہوتی چنانچہ
قوله تعالی ان الصلوۃ کانت علی المومنین کتابا موقوتا
مسئلہ اگر کوئی شخص روپیہ بہت رکہتا ہی آخر سال مین ادا اپنی

زیور یا ظروف یعنی برتن بناوی تو زکاۃ نہین آتی مسئلہ روزہ مین نہانا
پوست جانورون کا دہر کی رکہنا درست ہی اور ایسی ہی اگر لونڈی کی
ساتہہ اغلام کری اور بغیر جماع براہ دبر و قبل یعنی شرمگاہ عورتسی روزہ
مین خلل آتا مسئلہ جماع کرنا منکوحہ اپنی سی دبر مین درست ہی مسئلہ
شیعہ کو اہل سنت جماعت سی اغلام کرانا بدین خیال کہ رفتہ رفتہ شہوت
سنی کی جاتی رہیگی اسطور تمدن قطع نسل اہل سنت کی متصور ہی ثواب
عظیم ہی اور مسایل شیعہ غلاۃ کیسانیہ کی معلوم نہین ہوتی کسواسطہ کہ
علما و کتابین انکی ہندوستان سی مفقود ہین لیکن مختار بن ابی عبیدہ شیعہ نی
اپنی طرف سی بہت باتین شریعت مین مقرر کین اور دعوی کرتا
تہا کہ حضرت جبرئیل میری پاس آتی تہی اور وحی لاتی تہی اور علماء
دیگر فرقہ شیعہ نی بہت احکام خلاف شرع اپنی طرف سی احداث
یعنی گہڑی ہین کتابین او… انکی اکثر بلاد مین ملتی ہین اور کتاب
الاحکام انکی مشہور ہی افسوس یہہ ہی کہ ان سب مسایل کی بہی نسبت
اہونکی طرف کرتی ہین

فرگ شانزدہم در مطاعن خلفاء ثلاثہ و دیگر صحابہ کرام و ازواج مطہرات

اور شیعہ ان مطاعن کو اپنی زعم مین کتابون اہل سنت و جماعت
سی ثابت کرتی ہین لیکن یہہ بات بہت بدیہی ہی ر فسم کچہہ ہوا

ذکر مجملاً اسکا ان اوراق مین لکھتا ہی واضح ہو کہ تمام عالم مین ایسا کوئی
نہین ہی کہ زبان بدگویان و عیب جویان سی بچی اور اوسکی حق مین
طعن و قدح جاری نہو بلکہ جناب کبریا جلشانہ خالق ارض و سما و ما بینہما
مین بہی تامل ہی اور فرقہ معتزلہ انکار عصمت کل انبیا و رسل علیہم السلام
کرتی ہین اور نسبت گناہان صغیرہ و کبیرہ کی اونکی طرف کرتی ہین اور سب
باتونکو آیات و احادیث سی ثابت کیا چاہتی ہین تو بہی کل اہل اسلام کی
نزدیک غلط ہی اور فی الحقیقت غلط ہی اور بالکل غلط ہی کسواسطے کہ
معصوم ہونا کل انبیا علیہم السلام کا کہ خاص الخاص بندہ پروردگار
جلشانہ کی اور برگزیدہ مخلوقات عالم کی ہین ثابت و متحقق ہی اور ایسی ہی
فرقہ یہود انکار عصمت ملائکہ کا کرتی ہین اور خارجی اور ناصبی نی
بیچ جناب حضرت علی المرتضی و اہل بیت کی بہی و تبیرہ بکا ہی اور اہل التشیع
نی بجناب صحابہ کرام و ازواج مطہرات لیکن اوپر عقلمند و نیکی اور
مردمان ہدایت نصیب کی پوشیدہ نہین کہ یہہ سب غوغو سگان
نسبت بتو افشانی ماہ کی ہی ہرگز کچہہ نقصان منزلت ان بزرگان کا
نہین کرتی ایک ادنی بزرگی منجملہ بزرگیہای صحابہ کرام و ام المومنین
ازواج مطہرات یہہ ہی کہ فرقہ بدگویان نی باوجود کمال عناد و نہایت
دشمنی باوصف تلاش بی شمار اسقدر عرصہ دراز تک یہہ ہی حیلہ

شبہ اول سی انکی ہاتہہ آتی ہین اور ظاہر ہی جو شخص اونکی ریاست
ایک خانہ کی بہی کہتا ہی اوسی ہو رہا نگی مین اگر ہر روز ایک خطا واقع ہو
اور باقی امور صواب ہون ایسا آدمی بہی غنیمت اور نادر ہی چہ جا کہ ریاست عام
اور معاملات گوناگون ساتہہ خلق اللہ کی رکہتا ہو یہہ صرف انعام الٰہی ہی کہ
خطا سی بچتا ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کی حق مین بیس عدد
طعن مثل فدک وغیرہ کرتی ہین اور فدک کا سب مین اعلی طعن ہی اوسکا حال
گذرا اور یہہ مختصر متحمل بیان کل کا اور جواب اونکی کا نہین ہو سکتا جن صاحبکو
شوق ہو تحفہ اثنا عشریہ کو دیکہین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالی عنہ
کی حق مین گیارہ طعن ہین عمدہ اومین قصہ قرطاس کا ہی حال اوسکا بہی گذرا
حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ کی حق مین دس طعن ہین اور حق حضرت
عایشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا زوجہ محبوبہ مطہرہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کی حق مین دس طعن ہین منجملہ اونکی بڑا طعن قصہ جمل ہی اور وہ یہہ
کہ حضرت عایشہ نی واسطہ طلب خون حضرت عثمان کی سفر فرمایا حالانکہ یہہ
وارثہ عثمان کی نہین اور اسباب مین کئی طعن ہین آخر مقابلہ لشکر
امیر المومنین عایشہ و علی کا ہوا **جواب** حضرت عایشہ ام المومنین
اور محرم محرم جناب پیغمبر خدا صلعم ہین جاری کرنا احکام الٰہی کا کہ عمدہ
اونکا قصاص ہی خصوصاً قصاص ایسی مظلوم کا کہ باوجود

خلیفہ ماری گئی کسو واسطہ کوشش نفرمائین لیکن جانتا کہ عائشہؓ کو
بغض علی یا علی کو بغض عائشہ رضی اللہ عنہما کا نہ تہا چنانچہ فضایل و مناقب
باہمدگر روایت کی گئی ہین اور جو حضرت عثمانؓ کو مردم کوفہ و مصر کی ہمیشہ کہا
حضرت علی کی نسبب مصلحت وقت کی اونسی تعرض نفرمایا انقصاری مذکور
نی اس فعل شنیع سی فخر اور برا کہنا حضرت عثمانؓ کا شروع کیا جماعہ کثیر
صحابہ عظام مثل طلحہ و زبیر و نعمان بن بشیر و کعب بن عجرہ وغیرہ اور
قتل حضرت عثمانؓ کی افسوس کرتی تہی اور کہتی تہی کہ یہہ حادثہ بیچ اثر
امت محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سخت شنیع واقع ہوا اگر ہم
جانتی کہ یہہ بلوہ اس حد تک پہونچیگا تو ہم پہلی سی منع کرتی الغرض
وہ مظلوم ماری گئی اور حق پر تہی جو یہہ باتین صحابہ کی قاتلان حضرت
عثمانؓ کی کان مین پہونچین اونہون نی چاہا کہ ان صحابہ کو بہی قتل کرین
مردم مخلصین اس ارادہ فاسد پر مطلع ہو کر مکہ معظمہ کو روانہ
ہوئی اور وہان ام المومنین حضرت عائشہؓ واسطہ حج کی تشریف
لیگئی تہین پہونچی اور عرض کیا کہ ہم تمہاری پناہ مین آئی ہین کسواسطہ
کہ تم مادر مسلمانان کی ہو اور جسوقت طفل کسو خیر سی خوف
کرتا ہی دامن مادر مین پناہ پکڑتا ہی لازم ہی کہ شر و غوغا عجب
کا ہماری سر سی دفع کرو اور علی لسبب مصلحت وقت کی

دفع شر اونکی سی سکوت فرمائی ہین اور وہ اشقیا بسبب سکوت امیر المومنین کی
خیرہ ہو گرہا تہہ اور زبان ظلم و تعدی دراز کرتی ہین جب تک قصاص عثمان رض
واجبی نکیا جائیگا یہہ لوگ خون ریزی اور ظلم مین دلیر ہونگی اور ہمکو
ہرگز اطمینان حاصل نہوگی حضرت عائشہ نی فرمایا کہ صلاح یہہ ہی
جبتک وہ اشقیا بیچ مدینہ منورہ کی ہین اور دربار امیر المومنین کو پکڑی
ہوئی ہین اور امیر کو مجبور اپنا کیا ہی تم مدینہ مین مت جاؤ اور دوسری
جگہ امن و اطمینان کی قرار پکڑو اور علی کو اوس جماعت سی بحیلہ و تدبیر جدا
کرکی اپنی جماعت مین لو جو خلیفہ تمہارا تہہ آوی اور رفیق تمہارا ہووی تو
فکر بنیہ اور سیاست اور لینی قصاص خلیفہ مقتول کا کرو کہ آیندہ
اوروں کو عبرت ہو اور اس قسم کام بزرگ کو سہل مت جانو سب صحابہ
نی صلاح صواب دید آپکو پسند کیا اور اطراف عراق و بصرہ مین
اوسوقت لشکر اسلام جمع تہا تجویز رہنیکی کری اور حضرت عائشہ
سی عرض کیا اور باعث ہوئی کہ جبتک فتنہ رفع نہو اور حصول
امن و درستی امور خلافت اور تعلقات ہمارے امیر خلیفہ وقت
کی نہو تب تک آپ ہی ہمارے ساتہہ رہین کیا پس آداب تمہارے کی کہ مادر
مسلمانان و حرم محترم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی اور جملہ ازواج
سی محبوب تر اور مقرب تر آپ ہین اشقیا قصد ہمارا نکرین اور ہمکو تلف

کرکے جو طلحہ شوہر ام کلثوم ہمشیرہ حقیقی حضرت عائشہؓ و زبیر ہمشیرزادہ
حقیقی حضرت عائشہؓ کی تھی یعنی محرم ساتھ تھے ناچار بقصد اصلاح و انتظام
امور امت و حفظ جان چندے صحابۂ عظام جناب سرور عالم صلعم
کے رشتہ دار قریب تھے قبول فرمایا اور طرف بصرہ کی حرکت
کی حضرت امیر المومنین علیؓ کو قاتلان حضرت عثمانؓ نے کہ بیچ تمام گروہ
خلافت کی دخل پا گئی تھی اس نسبت کو دوسری طرح بدل کر
عرض کیا اور باعث ہوئی کہ خواہ مخواہ تعاقب و تنبیہ کا قصد کرنا چاہیے
اور حضرت امام حسن و حسین و عبد اللہ بن جعفر و عبد اللہ بن عباس
علیہم السلام نے ہر چند اس امر سے منع کیا لیکن بسبب غلبہ ان اشقیا
کے کارگر نہوا آخر حضرت امیر المومنین نے عازم کیا اور نزدیک
بصرہ کی پہونچی و مسمی قعقاع کو پاس ام المومنین و طلحہ و زبیر کی واسطے
اس بات کی بھیجا کہ مقصد انکا دریافت کرکی عرض کرے قعقاع نے جا کر
حال دریافت کیا معلوم ہوا کہ ارادہ اصلاح کا ہے اور سکون فتنہ
پھر بحضور خلیفہ عرض حال کیا تیسری روز ان سبکی شام کو یہ
بات ٹھہری کہ صبح کو ملاقات امیر المومنین و طلحہ و زبیر کی ہوگی اور
قاتلان عثمانؓ اوس صحبت میں حاضر نہوں یہ بات اون
اشقیا کو بری معلوم ہوئی حیران و سراسیمہ ہو کر عبد اللہ بن سبا یہودی

بلی ایمان اپنی استاد کی پاس پہونچی اور علاج خراب کرنی اس صلح
کا پوچھا ہودی مردود نی کہا کہ اب اور کچھہ علاج نہیں لیکن تم
آنکو قتل اور جنگ شروع کرو اور امیر المومنین سی ظاہر کرو کہ پہلی
شروع لڑائی یعنی جنگ کا ام المومنین کیطرفسی ہوا چنانچہ پچھلی رات
اس فوج نی لشکر ام المومنین پر حملہ کیا جب دیکھا کہ آتش قتال بہڑکی اور
مر اور رہا بہہ لوگونکی کٹنی لگی ناچار لڑی اور جو ہونا تھا سو ہوا قرطبی اور
کل مورخان اہل سنت اس واقع کو اسطور پر لکھتی ہین اور نیز کتاب
خلاصۃ الاخبار مین لکھا ہی کہ جسوقت صلح قرار پا گئی اور مع جب اور ایک
مسمی علی بن حاتم طائی و مالک اشتر با جمعی دیگر کہ بیچ قتل حضرت
عثمان کی شریک تھی بفرمان حضرت علی مرتضی کی لشکر
سی جدا ہوئی گوشہ مین آپسمین گفتگو کرنی لگی مناسب ہے کہ کوئی حیلہ
اوٹھاوین کہ با ہمدگر فتنہ پیدا ہو بعد مشورہ وقت رات کی اوپر سپاہ طلحہ
و زبیر کی پہونچی اور غل مچایا کہ علی شبخون لائی لاچار طلحہ و زبیر بدر ستی
لشکر مشغول ہوئی اور اہل تدبیر فاسد یعنی خلل انداز وہانسی لشکر
حضرت علی مین پہونچی اور ایسا ہی بیان کیا کہ طلحہ و زبیر شبخون لائی
لاچار لشکریان امیر المومنین بہی مستعد جنگ ہوئی اور قاتلان
حضرت عثمان کہ مایہ اس فساد کی تہوئی اسلاف یعنی باپ دادی

فرقہ شیعہ کی بہکائی ہوئی عبد اللہ بن سبا یہودی کی تہی بعد
اسکے معاویہؓ و اہل شام سے بہی عناد ہوا کہ وہ قاتلان حضرت عثمانؓ
کو جانتے تہے کہ سپرد ہمارے کردو اور قصاص اور سیاست کردو اور حضرت امیر المومنین
علی مرتضیٰ کی طرف سے بسبب شوکت و غلبہ اشقیاء مذکور یہہ امر نہوا اور اپنی
مدعا کی اونکا قبول نفرمایا امیر معاویہ و اہل شام بدگمان ہوے اور انکار
خلافت امیر المومنینؑ کا کیا اور یہی باعث اس کام اور جہگڑا کہنا شروع
کیا اور واسطہ لڑائی کی اوٹہی حضرت علیؑ نے جو ان اشقیاء کی حق مین فرمایا
کتاب نہج البلاغت شیعہ مین موجود ہے اگرچہ شیعہ اس قسم کی روایت سے
بسبب قایم رہنی مذہب کی احتراز کرتی ہین لیکن برہان الہی ہے کہ ایکدو
عبارت ہوتی ہی سی انکی کتابونمین ملتی ہی اور اہل سنت و جماعت اصل
بیان کرتی ہین کچہہ طرفداری کسو جانب کی و تغلب و تصرف نہین کرتے
ناصبون و خارجیون نے یہہ الزام بذمہ حضرت امیر المومنین علیؑ کی
رکہا اور مردود ہوے اور شیعون نے بہی اوسکی یہہ الزام بذمہ حضرت امیر
المومنینؑ کی رکہا اور فی الحقیقت یہہ امر اتفاقی تہا کہ ہو گیا کچہہ قصور
کسو جانب مین نہین اور ایسی ہی دشنام و طعن بحق جملہ صحابہ کبار و بلا
تخصیص نام عمداً کہ ایسی کوئی فرد خالی نہین رہ سکتا ہے جیسے کہ

مقدمہ ہفتم در بیان خواص مذہب شیعہ

اور وہ کئی ہین **اول اوہام** اور وہ یہہ ہی کہ غلطی بیچ فکر عقل کی اکثر ہو جانی ہی لیکن حسب قوم کی اوپر اوہم غالب ہوتی ہین اونکی عقل کا اعتبار نہین رہتا مانند طفلان اور عورتان اونکی معاملہ ہوتی ہین جیسا کہ طفلان اسپ چوبی کو دوندہ اور شیر قالین کو درندہ جانتی ہین اور عورتین ترک کرنا رسوم مقررہ کا بیچ شادی غمی کی حرام جانتی ہین اسواسطہ عقل شیعہ کا اعتماد جاتا رہا کہ انکی فعل بہی مثل شگون نیک و بد و استخارہ و فال کہ انکو مانند وحی جانتی ہین مثل طفلان عورتان کی ہین مثلاً جیسی طفلان کہیلی مین بادشاہ و وزیر و کوتوال و چور اکسمین بناتی ہین اسیطرح شیعہ بہی ایام عاشورہ محرم مین کسو کو یزید اور کسو کو شمر اور بعضی عورتون کو مستورات اہل بیت سی مقرر کرکی وہ معاملات کرتی ہین جو اونکی ساتہہ کرنی چاہئین اور واقع ہوتی اور ان امور کی بطلان بیچ کلام اللہ تعالیٰ کی ہی قولہ تعالیٰ اِنْ ہِیَ اِلَّا اَسْمَآءٌ سَمَّیْتُمُوْہَا اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُکُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰہُ بِہَا مِنْ سُلْطَانٍ اور اسی پہلی لوگون نی کہا ہی **قول** اَلتَّشَیُّعُ خُنْثٰی ہٰذِہِ الْاُمَّۃِ یعنی شیعہ اس امت محمدی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خنثین ہین **دوم عادات** اور وہ یہہ ہی جو کوئی بات کہ خاص و عام اس قوم شیعہ مین شہرت تمام رکہتی ہی علماء انکی اپنی کتابون مین کہہ تصریح اسکی نہین کرتی مثلاً انکار خوارق

اولیاء ہند اور ماتم و نوحہ و شیون و تصویر سازی و نوبت نوازی
ایام عاشورہ محرم میں اور اوسکو عبادت جاننا اور بیچ عید بابا شجاع
الدین لقب ابو لولو گبر مجوسی کی ایک تصویر حضرت عمرؓ آرد یعنی آٹی
سی بنا کر شکم میں شہد بہرنا اور پہر چہوری مار کر اوسکو پینا اور یوم دوشنبہ
کو نحس جاننا و علی ہذا القیاس اور جو انکی علما سی پوچہی تو انکار کرینگی
اور خلاف کتاب کی تبلاوینگی پس طعن بہی انکی اسی قسم کی ہین کر
ساری قوم مین جاری ہین اور کچہہ اصل نہین اور جمعہ و جماعت کا
ترک کرنا اور مسح قدمونکا بیچ وضو کی اور ترک کرنا مسح کا موزہ پر اور
ترک نماز سنت تراویح رمضان المبارک اور اغلام کرنا اور متعہ کرنا
